صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 20 جون 2012ء بمطابق 29 رجب 1433ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ المُلكِ تُؤتِی المُلكَ مَن تَشَآءُ وَتَنزِعُ المُلكَ مِمَّن تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَآءُ بِیَدِكَ الخَیرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ O تُولِجُ الَّیلَ فِی النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِی الَّیلِ وَتُخرِجُ الحَیَّ مِنَ المَیِّتِ وَتُخرِجُ المَیِّتَ مِنَ الحَیِّ وَتَرزُقُ مَن تَشَآءُ بِغَیرِ حِسَابٍ۔

(ترجمہ): کہو کہ اے خدا (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے اور تو ہی جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق بخشتا ہے۔ و آخِرُ الدَعوَانا أنِ الحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ مفتی سید جانان صاحب، مفتی سید جانان صاحب۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر، پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: آج نہیں، آج نہیں، ابھی بجٹ کا یہ آخری دن ہے تو آج گیارہ۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ بہت ضروری بات ہے، وہاں پر بھی عورتیں کھڑی ہیں اور ادھر سے میں بھی کھڑی ہوں تو ایک بات ہے جو کہ آپ کو بتانا چاہتی ہوں، تو۔۔۔۔۔

(شور)

(اس مرحلہ پر تمام خواتین اراکین اسمبلی کھڑی ہو گئیں)

جناب سپیکر: بی بی! دا خو د بجٹ ورځ ده (شور) تاسو کښېنئ شوک خبره کول غواړی؟ (شور) بی بی کون بولیں گی آپ میں سے، (شور) یو منټ ودریږه Consensus جوړ کړئ چې یو تن خبره وکړی۔

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! یہ کل ہماری ساتھی ایم پی اے کے بچوں کے ساتھ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا اچھا، ایسا کرتے ہیں کہ جن کے ساتھ یہ واقعہ ہوا ہے، وہ بیان کریں تو اچھی بات ہے۔

محترمہ ستارہ ایاز (وزیر سماجی بہبود و ترقی خواتین): جناب سپیکر! یاسمین ضیاء۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی یاسمین بی بی! آپ خود ہی بتادیں۔

خاتون رکن اسمبلی، محترمہ یاسمین ضیاء کے بیٹوں اور شوہر پر مبینہ پولیس تشدد

محترمہ یاسمین ضیاء: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، کل نہیں پرسوں رات کو ساڑھے نو بجے کے لگ بھگ میرا بچہ جو سول انجینئرنگ سیکنڈ سمسٹر کا سٹوڈنٹ ہے، اس کے ساتھ ان کے کزن جو لیکچرار ہیں گومل یونیورسٹی میں، ان کے ساتھ اس کا چھوٹا بھائی اور دونوں کزن یہ چاروں اپنی گاڑی میں یونیورسٹی جارہے تھے۔ گاڑی روکی ان کو اپنی پہچان کرائی کہ میں یاسمین ضیاء ایم پی اے کا بیٹا ہوں اور یونیورسٹی میں میرا کام ہے، میں جانا چاہتا ہوں۔ وہاں پہ موجود اس اہلکار نے کہا ہے کہ آپ جھوٹ بول رہے ہیں۔ ساتھ میں فرنٹ سیٹ پر بیٹھے ہوئے جو میرے جیٹھ کا بیٹا ہے، جو لیکچرار ہے، اس نے اپنا سروس کارڈ دکھایا کہ جی یہ میرا سروس کارڈ دیکھ لیں اور یہ واقعی ان کے بچے ہیں اور اندر ہمارا کام ہے، ہم جانا چاہتے ہیں۔ اس

کے بعد اس نے میرے بیٹے سے کہا ہے کہ کدھر ہے تمھاری ماں؟ اس نے کہا کہ میں ساڑھے نو بجے اپنی ماں کو تو لے کر نہیں پھروں گا۔ اس کے بعد اس نے کہا کہ تم نے گاڑی میں میوزک کیوں لگائی؟ میرے بیٹے نے کہا کہ آپ کا اس سے کیا کام ہے کہ میوزک سن رہا ہوں گاڑی میں، آپ اپنی تسلی کر لیں کہ ہم کون ہیں، اس کے بعد ہمیں جانے دیں۔ اس نے کہا کہ گاڑی سے اتر جاؤ، میرے بیٹے نے کہا کہ کیوں اتروں؟ اس پر اس نے میرے بیٹے کو گاڑی سے اتارا، اس کے بعد اس کی متواتر Insult کرتا رہا۔ میرے جو دیور کا بیٹا ہے، اس نے اسکو بتایا کہ پلیز آپ Insult مت کریں، ہماری بے عزتی نہ کریں، ہم بتا رہے ہیں کہ ہم عزتدار لوگ ہیں، ہمارا کام ہے، ہم جانا چاہتے ہیں، آپ ہمیں جانے دیں لیکن وہاں پر موجود تمام لوگ جو ڈیوٹی دے رہے تھے اور وہاں پہ یونیفارم میں تھے، وہ مسلسل اس کی Insult کر کے، اس کو گالی بھی دے رہے تھے، اس سے بات بھی کر رہے تھے، اس نے ہاتھ سے میرے بیٹے کو پکڑا، گاڑی سے اس کو اتارنے کے بعد اس نے اپنے بندوں کو بلایا جو میرے چھوٹے بیٹے کو اندر لے کر گئے، اس کو مارا پیٹا ہے، اس کے بعد میرے اس بیٹے کو مارا پیٹا ہے جو لیکچرار ہے، اس کو کلاشنکوف سے پیٹ میں مارا ہے، اس کا چارجر نکال کر اس کے پاؤں پر تشدد کیا، میرے بیٹے پہ کیا۔ یہ سب کچھ تشدد کرنے کے بعد جو ساتھ میں سائڈ ہے، وہاں پر لے جا کر، اس کے بعد انہوں نے موبائل بلوائی اور اس میں ڈال کر میرے دونوں بیٹوں کو لاک اپ میں بند کیا۔ جناب سپیکر، کوئی سوا دس بجے مجھے میرے Husband کا جو بھتیجا تھا، اس نے مجھے Call کی کہ انٹی، ہمارے ساتھ یہ سارا کچھ ہوا ہے اور اس طرح ہمیں مارا پیٹا گیا ہے، پلیز آپ کسی کو کہہ کر بات کریں۔ میں نے اپنے مشران میں سے سب کو Calls کیں لیکن کسی سے میرا رابطہ نہیں ہو رہا تھا، Bell جا رہی تھی، اس کے بعد میں اپنے Husband کو لیکر نکلی ہوں، اپنے ساتھ اپنے ڈرائیور اور باوردی گن مین، راستے میں میں نے کنٹرول پولیس کو فون کیا ہے، وہاں سے میں نے کہا کہ مجھے کیمپس ایس پی کا نمبر پلیز دے دیں، ایمرجنسی ہے، انہوں نے مجھے آفس نمبر دیا، میں نے آفس کو Contact کر کے راستے میں ان کو بتایا کہ پلیز میں یاسمین ضیاء بات کر رہی ہوں، میرے بیٹوں پر تشدد کیا گیا ہے، ان کو پکڑا گیا ہے، مجھے ایس پی سے بات کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی بی، آج ایس پی صاحب نہیں ہے۔ میں نے کہا کہ مجھے ان کا Cell number دے دو۔ انہوں نے کہا کہ ایس پی صاحب نے منع کیا ہے، ہم کسی کو Cell number نہیں دے سکتے۔ میں نے انہیں کہا کہ میں یہاں کی ایم پی اے ہوں، آپ کو میں نے بتایا کہ ایمرجنسی ہے، میرے بچوں پہ تشدد کیا گیا ہے، ان کو پکڑا ہے، مجھے دیں لیکن وہ کسی طرح بھی، پھر میں نے اسے کہا اچھا

میرے بچوں کا مجھے بتادیں کہ میرے بچوں کو کہاں لے جایا گیا؟اس کے بعد انہوں نے کہا کہ ہمیں نہیں معلوم اور فون بند کر دیا۔ اتنے میں وہاں پہ اپنے Husband کے ساتھ پہنچی، میرے Husband اترے اور انہیں بتایا کہ میں صدر الدین مروت ہوں، یہ میری Wife ہے، یاسمین ضیاء ایم پی اے ہے۔ میرے بچوں کا یہاں جھگڑا ہوا ہے، ان کو اٹھایا گیا ہے، پلیز بتائیں کہ میرے بچے کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ جنہوں نے اٹھایا تھا، وہ لے گئے۔ اس کے بعد اس نے کہا کہ کہاں لے گئے، مجھے اس تھانے کا پتہ دیں، میں جانا چاہتا ہوں۔ اس نے پلٹ کر اسکو گالی دی اور گالی میرے حوالے سے دی۔ وہ گالی دینے کے بعد میرے Husband غصے میں آئے، انہوں نے بھی آگے اس کو جواب دیا اور اس میں انہوں نے میرے Husband کو بھی پکڑا۔ میرے گن مین جو باوردی تھا، اس کو بھی پکڑا، میرا ڈرائیور جو تھا اس کو بھی گریبان سے پکڑا۔ میں ان کو چیخ چیخ کر بتاتی رہی کہ پلیز آپ ہاتھ چھوڑیں، آپ یہ اچھا نہیں کر رہے ہیں، مجھے میرے بچوں کا بتائیں، آپ کا اس سے کوئی کام نہیں لیکن انہوں نے ساتھ ساتھ، انہوں نے دیوار پہ لے جا کر اس پہ تشدد کیا پھر اندر فون کیا، وہاں سے نفری بلوائی اور پوری نفری آئی، ایک موبائل میں اس کے سارے دس پندرہ اور دو یہاں پر وہ لگے ہوئے تھے جس کو آپ ایڈیشنل ایس ایچ او کہتے ہیں یا سب انسپکٹر کہتے ہیں، وہ اپنے تمام باوردی لوگوں کے ساتھ نکلا، اس نے Husband پر (بندوق سے) چار جرنکال کر تشدد کیا ہے جو Heart patient ہیں، بائی پاس کر چکے ہیں۔ میرے چیخنے کے باجود وہ ساتھ گالیاں دے رہا تھا جو وردی میں نہیں تھا، سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا، داڑھی والا بندہ تھا کہ یہ تمھاری بیوی ایم پی اے ہے، آج ہم تمھارے ساتھ یہ یہ سلوک کریں گے اور دیکھیں گے۔ یہ سارا کچھ ہونے کے کوئی بیس پچیس منٹ میرے Husband پہ تشدد کرنے کے بعد، میں ساتھ کھڑی رہی اور بولتی رہی، انہوں نے کوئی چھوڑا نہیں، پھر ہمیں اٹھا کر اس گاڑی میں ڈالا، ہمیں Custody میں لیکر سب کو لے جا کے پولیس سٹیشن میں جہاں میرے بچوں کو تالا لگا ہوا تھا، وہاں پہ ٹیبل کے نیچے ہمیں دھکا دے کر سیڑھیوں پر بٹھایا گیا۔ اس کے بعد ایس ایچ او اس چوکی میں موجود تھا، پولیس سٹیشن میں، آدھے گھنٹے تک میرے پاس کوئی ایس ایچ او نہیں آیا کہ میڈم کو کس جرم میں اٹھا کر لایا گیا؟ میرے بچوں کو تو چھوڑیں، میرے Husband کو تو چھوڑیں کم از کم اس محترم فلور کی ممبر تھی، مجھ سے یہ نہیں پوچھا بلکہ مجھے جواب بھجوایا گیا کہ خاتون سے کہیں کہ ایس ایچ او صاحب کے سامنے حاضر ہو جائے۔ میرے Husband نے کہا کہ یہ نہیں جائے گی، اس نے کہا کہ تم کون ہو منع کرنے والے؟ اس نے کہا کہ میں اس کا Husband ہوں۔ اس کے بعد وہ گیا۔

میں نے اسے کہا کہ اسے کہو کہ جب میرے کوئی مشران آ جائیں گے تو پھر میں آ جاؤں گی، پھر میں اپنا بیان دوں گی۔ اس کے بعد وہ گیا، اس کے بعد پھر آیا اور اس نے کہا کہ اب تمھارا گن مین جو ہے، وہ آ جائے۔ جب میرا گن مین وہاں گیا تو اس کو بھی جناب سپیکر، ان کا ارادہ یہ تھا کہ ہم اس کی دوبارہ پٹائی کر لیں۔ اتنے میں میاں افتخار صاحب Enter ہوئے۔ جناب سپیکر، جب میرے بچوں کو لاک اپ میں بند کیا گیا تو میرے بیٹے جو آپ جانتے ہیں کہ سول انجینئرنگ کے سٹوڈنٹ ہیں، ان کو میرے حوالے سے اتنی گالیاں دی گئی ہیں کہ اس کی فلاں فلاں ماں، وہ اب لگی ہوگی اور ٹیلیفون کر رہی ہوگی ان لوگوں کو چھڑانے کیلئے۔ جناب سپیکر، اس کے بعد میرے بچوں کو کہا گیا کہ آج ان پہ لوئی منہ تو چھوڑ لو تاکہ ان کا نشہ حکومت کا اتر جائے اور اس کی فقط چھترول کر لو۔ جناب سپیکر! میں آپ کی یہاں پر نہ صرف اس ہاؤس کی ایک ممبر ہوں، میں پختونخوا کی ایک بیٹی ہوں، میں یہاں آپ سب سے یہ پوچھتی ہوں، میرے جتنے بھی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، کہ اگر یہ واقعہ آپ کی بہن کے ساتھ ہوتا تو کیا وہاں پر صرف دو پولیس چوکی اور ایک ایس ایچ او Suspend ہوتے ؟-----

<u>ایک رکن</u>: نہیں۔

<u>محترمہ یاسمین ضیاء</u>: کیا اگر یہ آپ کے بچے ہوتے، جن پر آپ کے سامنے، آپ کی بیوی کے سامنے پچیس منٹ تک پورا پولیس سٹیشن تشدد کرتا رہا تو اس کے ساتھ آپ ایک بندے کو جانے دیتے؟ کیا میں اس ہاؤس کی بیٹی نہیں ہوں، کیا آپ لوگوں کی بیٹی نہیں ہوں، کیا میں اس اے این پی کی صوبائی جوائنٹ سیکرٹری نہیں ہوں؟ میں آپ لوگوں سے یہ پوچھتی ہوں کہ آج تک اس فلور پہ ہم نے اپنے مشران کا بھی احترام کیا ہے، میں یہ چاہتی ہوں کہ آج اس ایس پی کو آپ نے انکوائری کمیٹی کا لیڈر مقرر کیا ہے جس ایس پی نے میرے لئے آج تک فون نہیں کیا کہ بی بی آپ کے ساتھ میرے عملے نے کیا کیا؟ میں نے Message چھوڑا، اس نے مجھے واپسی پہ کوئی جواب نہیں دیا کہ بی بی، آپ کے ساتھ مسئلہ کیا ہے، آپ کے بچوں کو اٹھایا گیا، اس ایس پی کو انکوائری آفیسر مقرر کر کے آپ میری انکوائری کر رہے ہیں؟ میں نے اس حکومت پہ یہ سارا اعتماد کر کے جو میرے ساتھ ہوا ہے، میں ابھی تک گئی نہیں ہوں۔ میں یہ چاہتی ہوں کہ اگر آپ کی بیٹیاں ہیں اپنے گھر میں، اگر اس کرسی کا یہ احترام ہے کہ وہ کھڑی رہی اور وہ چیختی رہی اور اس کے باوجود، ہم تو دوسروں کو Peace of justice کے مطابق جا کے چھوڑ سکتے ہیں تو میں اپنے بیٹوں کا ساڑھے دس بجے پوچھنے نہیں جا سکتی؟ اس کے والد کا یہ جرم ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پوچھنے چلا گیا ہے؟ میں یہاں پہ اس ہاؤس

سے انصاف چاہتی ہوں، میں آپ سے رولنگ چاہتی ہوں اور مجھے بعد میں پتہ چلا کہ وہاں پہ جو Elders ہیں، ایس ایچ او، وہ بھی میرے علاقے سے تعلق رکھتا تھا جو یاسمین ضیاء ایم پی اے اور صدر الدین کو کون نہیں جانتا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> بی بی! آپ ہمیں چھوڑ دیں، آپ کے ساتھ جو ہوا ہے، آپ ہماری۔۔۔۔۔

<u>محترمہ یاسمین ضیاء:</u> میں یہاں پہ انصاف چاہتی ہوں اپنے تمام بھائیوں سے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ان شاء اللہ، ان شاء اللہ۔

<u>محترمہ یاسمین ضیاء:</u> اپنے سپیکر سے اور اپنی بہنوں سے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی میاں افتخار صاحب! یہ ہماری معزز رکن کے ساتھ یہ ہو رہا ہے؟

<u>سید عاقل شاہ (وزیر کھیل و سیاحت):</u> صرف دا بہ خبرہ کوی جی نور شوک بہ نہ کوی، د دوئ خبرہ واورئ۔۔۔۔

(شور)

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> جناب سپیکر صاحب! (شور) خبرہ کوؤ بیا بہ تاسو خبرہ وکړئ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی میاں افتخار صاحب۔

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> تاسو کیبنئ جی، بس د گورنمنټ بہ واورو، د گورنمنټ بہ واورو کہ د هغوی تسلی بخش جواب نہ وو نو بیا زہ ناست یم۔ میں بیٹھا ہوں، اگر گورنمنٹ تسلی بخش جواب نہ دے تو میں کس لئے ادھر بیٹھا ہوں؟ میں ہاؤس کا کسٹوڈین ہوں۔ (تالیاں) جی میاں افتخار صاحب۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> جناب سیکر صاحب! ستاسو ډیرہ شکریہ۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> اردو میں بولیں۔

<u>وزیر اطلاعات:</u> اردو میں بھی بول لیتا ہوں خیر ہے۔ ایسا ہے کہ چونکہ یہ واقعہ ہوا اور مجھے خود وہاں پر جانا پڑا۔ اس کے بعد جو میں گیا تو میں نے خود بھی دیکھا ہے، رویہ ان کا درست نہیں تھا، جو کچھ ہوا وہ تو یاسمین ضیاء صاحبہ نے خود بیان کر دیا۔ ایک طریقہ کار حکومت کا ہوتا ہے، اس طریقہ کار کے مطابق مجھے جو کچھ کرنا

تھا، میں نے وہاں پہ کیا۔ اس کے بعد ایک زیادتی ہوئی پولیس والوں سے کہ اس کی Footage انہوں نے کل تک، یہ بات میں نے دبائی تھی، چونکہ میں خود بھی گیا تھا، ان سے ملا بھی تھا، انہوں نے یہاں پہ پوائنٹ آف آرڈر پہ بھی کچھ نہیں کہا، میں نے کہا کہ ایک مسئلہ ہے تو افہام وتفہیم سے حل کرلیں گے لیکن پولیس کی ہٹ دھرمی کو دیکھو کہ پولیس ہماری اپنی ہے، ہم پولیس پہ جان نچھاور کرتے ہیں، ہمیشہ ہم نے پولیس کو سپورٹ کیا ہے اور ہم پولیس کے اس کردار کو سلام پیش کرتے ہیں جب اپنے آپ کو بموں سے اڑاتے ہیں اور عوام کو بچاتے ہیں لیکن کچھ لوگ ایسے ہیں کہ وہ اس پہ دھبہ لگا دیتے ہیں اور ان کو سمجھانے کے باوجود، سب کچھ کرنے کے باوجود، چونکہ میں گیا تو ان کا رویہ اس وقت بھی جارحانہ تھا اور ان کو لاک اپ سے نکالا اور اکیلا میں نہیں تھا، میرے ساتھ بہت سارے وزراء صاحبان بھی تھے، میں ان کا بھی مشکور ہوں اور بہت سارے ایم پی ایز بھی تھے، میں ان کا بھی مشکور ہوں کہ جن جن کو پتہ لگا، وہ وہاں پہ آئے اور میں نے ان کو جانے بھی اس لئے نہیں دیا کہ میڈیا باہر کھڑا تھا کہ کہیں یہ جوش میں آکے کوئی ایسی بات نہ کر بیٹھیں کہ اس سے اشتعال پیدا ہو تو آپ میری حالت خود دیکھیں کہ میں خود بھی ایک پختون کی حیثیت سے، جب ہماری ماں اور بہن کی طرح وہ ان کو لے کے جائے اور اس کا یہ حشر ہو، پھر صدرالدین تو میرا بھائی ہے اور اس کا میں نے خون بہتے ہوئے دیکھا لیکن اس کے باوجود میں برداشت بھی کرتا رہا اور میں اپنے ساتھیوں کو کنٹرول بھی کرتا رہا کہ کہیں میرے ساتھی کچھ ایسا نہ کہہ بیٹھیں کہ پولیس کی بے عزتی ہو یا کچھ صورتحال خراب ہو اور میں نے ان سے یہ بھی کہا کہ میڈیا سے کوئی بات نہیں کریگا، میں کرونگا، وہ بھی ریکارڈ پہ ہے کہ میڈیا سے میں نے کس انداز میں بات کی؟ میں نے یہ کہا کہ ہم حکومت ہیں، پولیس ہماری اپنی ہے، اگر ان سے کوئی غلطی ہوئی ہے تو اس کا ازالہ کیا جائیگا۔ ہمارے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے، اس کا ازالہ کیا جائے گا اور پھر میں نے اس رات، میں آئی جی پی کا بھی مشکور ہوں کہ آئی جی پی نے رات کے وقت مجھ سے بات کی اور پھر سی سی پی او صاحب اس صوبے سے باہر تھے، اس نے بھی بات کی، پھر ایس پی نے بھی بات کی اور بڑے خوش اسلوبی سے اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے میں نے یہی مناسب سمجھا کہ جو پولیس حکام اس بے عزتی میں ملوث ہیں، یہ تو کوئی بات ہی نہیں ہے، یونیورسٹی کے گیٹ پہ کسی کی ڈیوٹی ہو، اس کو پوچھنے کا طریقہ نہیں آتا ہے، یہاں تو جوان بھی گزریں گے، بوڑھے بھی گزریں گے، اساتذہ بھی، لیکچررز بھی گزریں گے، تو اگر یہاں پہ رویہ یہ ہو کہ اس رویئے کے مطابق اگر کچھ اس کو یہ اندازہ نہ ہو کہ کس انداز میں بندے سے پوچھا جاتا ہے؟ اگر ایک بچے نے کچھ بات کی بھی ہے، میں یہ بھی کہتا ہوں کہ اگر زیادتی کی بھی ہے تو بھی

ان کو یہ نہیں کرنا چاہیئے تھا، قانون ہے پرچہ کاٹتے، اس کو پکڑ لیتے، ان کو پکڑ لیتے، ایسی کوئی بات نہیں ہوئی بد معاشی کی، پھر ان کا ایک کیمرہ لگا ہے، جو یہ شارٹ سرکٹ ہے یا کیا ہے؟ وہ شارٹ سرکٹ والا کیمرہ کلوز والا، اس کو لگا کے، میں یہ بھی اب پوچھنا چاہونگا کہ یہ کیمرہ صرف اس کی تصویر لیتا ہے جو ان کے ساتھ بد زبانی کرے، جو یہ لوگوں کو مارتے ہیں تو وہ کیمرہ پھر کیوں پکچر نہیں لیتا؟ پھر وہ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ ان کو پتہ ہے کہ کہاں پہ نصب ہے کہ جب ان سے بات کرلو تو کیمرے کے سامنے آجاتا ہے اور جب یہ لوگوں کو ماریں تو کیمرے کے زاویئے سے اس طرف مار دیتے ہیں اور پھر یہ کہتے ہیں کہ، وہ اگر یہ ویڈیو نہ چلاتے تو آج میں یہ بات نہ کرتا۔ بات ہوگئی Suspend کیا، Understanding سے جو عملہ تھا Suspend کیا، تحقیقات بھی اسی کو دیں کہ بلی کو گوشت کا چوکیدار بنایا، جس تھانے کا ایس ایس پی تھا، اسی کو تفتیش دی گئی، پھر بھی میں خاموش رہا، میں نے ان کو نہیں سمجھایا، میں نے کہا کہ آکے اس کا نوٹس لونگا، پھر میں نے اس کا نوٹس لیا اور سی سی پی او کو کہا کہ تحقیقات کی جائیں، جس کی ذمہ داری ہے اس کو تبدیل کیا جائے اور اس ایس ایس پی کو بھی اس میں شامل کیا جائے کہ ایس ایس پی معصوم نہیں، ایس ایچ او معصوم نہیں، تحقیق ہو، اگر ہمارا گناہ ہے، ہماری ایم پی اے کا گناہ ہے تو بالکل ہم چاہیں گے کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے لیکن اگر ان کی غلطی ہے تو پھر ان کو سزا ملنی چاہیئے۔ انہوں نے انتظار نہیں کیا، آج اخبار میں چھپا اور مشرق اخبار میں چھپا، مشرق اخبار کی پشت پہ چھپا اور وہ کچھ چھپا جو پولیس چاہ رہی تھی اور اس انداز میں انہوں نے چھاپ دیا، وہ اپنا مدعا بیان کرتے ہوئے کہ کیمرے کے ذریعے جو Footage لی گئی ہے تو جو ایم پی اے کا بیٹا ہے، گستاخی کر رہا ہے وہ دیکھ لیں اور پھر اس کا شوہر آیا ہے اور پولیس کی بے عزتی کی تو وہ دیکھ لیں، تو میں یہاں پہ یہ کہنا چاہونگا کہ جب اس کو کلاشنکوف سے مارا گیا، اس کا سر بھی پھٹا اور اس کے ہاتھ بھی پھٹے اور میڈیکل رپورٹ بھی موجود ہے تو وہ کیمرہ کہاں گیا؟ ہاں یا تو یہاں سے یہ سب کچھ ہونا چاہیئے، اگر وہ گئے ہیں تو میں پولیس کی خدمات کو سلام پیش کرتا ہوں لیکن کون ہے جو حکومت اور پولیس کو لڑانا چاہتا ہے، کون ہے جو لوگوں کو بے عزت کرنا چاہتا ہے؟ یہ وہی ایس ایس پی ہے کہ جو مردان سے بھی اس بنیاد پہ وٹرانسفر کیا گیا ہے اور مجھے تو یونیورسٹی کے اساتذہ نے بتایا کہ پولیس نے یہاں پہ آکے سات گھروں کو قبضے میں کر رکھا ہے، نہ کرایہ دیتے ہیں، نہ بجلی کا بل دیتے ہیں اور یہاں پہ قبضہ کر رکھا ہے۔ انہوں نے مجھ سے بات کی، میں نے کہا آپ اس بات پہ مزید بات نہ کریں۔ لہذا میں پولیس کے اس ایکشن سے مطمئن نہیں ہوں کہ جب تحقیقات ہو رہی تھیں اور ہم نے لوگوں کو Suspend کیا تھا اور میں نے اپنے ساتھیوں کو خاموش

کیا تھا، وہ خاموش تھے، اس کے بعد Footage کا باہر آنا اور دو ٹی وی اسٹیشن، اور پھر وہ ایک ٹی وی سٹیشن جس کی ڈیوٹی یہ ہے کہ اس حکومت کی پگڑی وہ اچھال دے، وہ ساری رات اس پہ بولتے رہے کہ حکمران زیادتی کر رہے ہیں اور ایم پی اے نے زیادتی کی، ایم پی اے کے بیٹے نے زیادتی کی، چونکہ یہ اجلاس بجٹ کا ہے اس لئے میں پریویلج نہیں لایا، میں پہلے پریویلج موشن پیش کر چکا ہوں، لہذا ان ٹی وی سٹیشنوں کو، نجی سٹیشنوں کو یہ Footage دینا کہ وہ پہلے سے حکومت کی پگڑیاں اچھال رہے ہیں، ہماری اسمبلی کی، عوام کے یہاں پہ منتخب ممبران کی پگڑیاں اچھال رہے ہیں، اس کی مذمت الگ ہے لیکن پولیس نے یہ Footage کیوں دی، کس طریقے سے دی؟ لہذا ان کے اس اقدام کے بعد میں خود مطمئن نہیں ہوں کہ میں اس ایم پی اے کو مطمئن کر سکوں، لہذا میں اس پہ عدم اطمینان کا اظہار کرتا ہوں کہ انہوں نے اس طریقے سے، ورنہ سی ایم صاحب نے بھی اس میں ایکشن لیا تھا، سی ایم صاحب کو پتہ چلا تو رات کے پونے بارہ بجے تھے، سی ایم صاحب نے یہ کہا کہ آپ ان کو Suspend کر دیں اور اس کی تحقیقات شروع کر دیں، تو سی ایم صاحب کی حد تک بات گئی۔ چونکہ ایم پی اے اسمبلی کی بھی ممبر ہے لیکن ہماری پارٹی کی بھی ہے، انہوں نے احترام کی بنیاد پہ خاموشی اختیار کی، کل کوئی بھی نہیں بولا، تو ہماری اس خاموشی کو انہوں نے جرم سمجھا، انہوں نے اخبارات کو استعمال کیا، انہوں نے ٹی وی کو استعمال کیا اور اس بنیاد پہ کہ وہ ایک ایم پی اے کی بے عزتی کر کے اپنا کیس مضبوط کرے، حکومت کے پاس تو یہ اختیار ہے، کیس ہو نہ ہو ہم اس کو تبدیل کر سکتے ہیں، کیس ہو نہ ہو ہم اس کو Suspend کر سکتے ہیں، کیس ہو نہ ہو ہم ان کو پولیس لائن لا سکتے ہیں۔ ہم نے شرافت کا مظاہرہ کیا، انہوں نے اس بنیاد پہ اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا، لہذا پریویلج کمیٹی بھی ہے، آپ سپیکر صاحب بھی ہیں، یہ صورتحال آپ کے سامنے ہے، میں ان کے اس رویئے سے قطعاً مطمئن نہیں ہوں جو اس کے بعد انہوں نے ایکشن کیا اور انہوں نے ٹی وی اور اخبار کو اپنا بیان دیا۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> میں آج۔۔۔۔۔۔

<u>جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل):</u> سر، زه دې باندې لږه خبره کول غواړم جی، ما ته لږ وخت را کړئ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی۔

وزیر آبکاری و محاصل: جناب سپیکر صاحب! دا چې کومه واقعه نن زمونږ دې خور دلته august House ته وړاندې کړه او په کوم دردناک انداز سره دا واقعه دلته بیان شوه، د دې نه زیات دردناکه واقعه دا هغه ټائم کېنې وه چې کله دا Incident کیدو هلته، زه د خپل ورور د میاں افتخار د جذباتو قدر کوم خو زه صرف دا تپوس کوم چې دا زمونږ دې خور که دا ئے څوئے وے یا ئے وراره وے ، د دې په ځائے که دا د سی سی پی او څوئے وے ، د دې په ځائے که دا د آئی جی پی څوئے وے نو د دې پولیس به هغوی سره دا رویه وه؟ صرف په دغه وجه چې زمونږ گناه دا ده چې مونږ د خلقو نمائندگان دلته راغلی یو او مونږ همیشه د خپل خیبر پختونخوا د پولیس دفاع کړې ده، همیشه مونږ په دوئ باندې Stand اخستے دے ، همیشه مونږ دوئ ته په هر اخلاقی لحاظ سره سپورټ ورکړے دے ، مونږ د خپل خیبر پختونخوا پولیس د قربانو بیشکه چې احترام کوؤ او خراج تحسین پیش کوؤ خو داسې Elements چې هغه د خیبر پختونخوا د پولیس د هغه قربانو د پاره هم تور داغ جوړیږی او زمونږ د پاره هم دا چیلنج جوړیږی چې مونږ دلته په گورنمنټ کېنې ناست یو او زمونږ د دې خور سره دا سلوک کیږی چې خاوند خو د پریږده، بچی خو د پریږده چې هغه هم په جیل کېنې اچولې کیږی، د هغې هم Insult کیږی او د یو تهانې نه بیا بل تهانې ته د شپې په تیاره کېنې ئے شفټ کوی او د هغوی چې کومه اخلاقی رویه وه دوئ سره، غیر اخلاقی نو مونږ ته جی افسوس پکار دے ، مونږ ته پکار ده، مونږ دلته کېنې قطعاً اتفاق نه کوؤ چې دا د سټینډنگ کمیټئ ته یا پریولیجز کمیټئ ته د دا کیس حواله شی، دا د گورنمنټ کار دے ، زه خپل سینیئرز ته وایم، تاسو ته هم وایم چې گورنمنټ ته پکار ده چې ایکشن واخلی او داسې ایکشن نه، Suspension څه شے دے ؟ چې کوم خلق په دیکښې Involve دی، سره د دې ایس پی چې په کوارټر گارډ کېنې پکار دی او د هغې نه پس په دې باندې کارروائی پکار ده (تالیاں) او که دغه مونږ نه شو کولے نو بیا پکار ده، گورنمنټ ته پکار ده، مونږ له پکار ده چې بیا د مونږ Resign ورکړو د دې وزارتونو نه (تالیاں) تهینک یو۔

جناب سپیکر: میں تھوڑی سی دیر کیلئے اپوزیشن لیڈر اکرم خان درانی صاحب! ایک دو منٹ آپ بھی بولیں پھر یہ Decision میں خود ہی دیتا ہوں۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب! ستاسو ډیره مننه۔ یقیناً دلته چې کومه خبره یاسمین ضیاء وکړه، هغه ډیره دردناکه ده، افسوس ناکه ده او هغه د دې ایوان یو معزز رکنه ده، هر چا چې هم کړې دے زیاتے دے خو لږ ډیر به مونږ هم دې ته ګورو چې مونږ دې څلورو کالو نه چغې وهو چې د دې معزز ممبرانو په دې ګورنمنټ کښې هیڅ قسم عزت نشته او دا څه د وړومبی ځل واقعه نه ده، ډیرې واقعې راغلې دی خو هر سړے د خپلې حیاء د وجې نه دلته خبره نه کوی، کوم خلق ئے چې وکړی، ډیر واقعات داسې راځی خو په دیکښې که مونږ زیاته ذمه داری په پولیس باندې واچوؤ، دا ټهیک ده د هغوی به وی خو دا د حکومت ذمه داری ده په تقرریٔ کښې چې هغه داسې افسران که هغه د پیښور ښار غوندې یو دارالخلافه ده که په هغې کښې ئے سی سی پی ولګوی چې د هغه ریکارډ خو هم وګوری چې هغه آیا د دې ښار د سروس قابل دے؟ آیا چې کوم ډویژن کښې زه کوم سړے لګوم، هغه به دا ډویژن د دې حالاتو مطابق وچلوی؟ دا خو شکر دے چې نن د دې ایوان دلته یو معزز رکنه ده، د هغې خبره دلته راغله، حالانکه په دې پیښور کښې په دې موجوده وخت کښې داسې خلق هم مړه شوی دی چې د هغوی د سره دلته آواز هم نه دے وچت شوے، د دوئ د لاسه هم دغه سی سی پی او ما خپل ګورنمنټ کښې صرف او صرف دوئ ته ټریفک حواله کړے وو، ما د ایډمنسټریشن پوسټ نه دے ورکړے۔ دې موجوده سی سی پی او ته په څلور کاله کښې په پینځه کاله کښې زمونږ په حکومت کښې چرته ان شاء الله ایډمنسټریشن پوسټ نه دے ورکړے شوے ځکه چې مونږ دوئ د دې جوګه نه ګڼو چې دوئ به دومره اهم ذمه داری وکړی او ما صرف ټریفک ورته حواله کړے وو۔ اوس په دې بنیاد باندې یقیناً ستائنه ئے هم ښه ده، د پولیس والا کټ موشنز راراوان دی، په هغې کښې به مونږ هم خبره وکړو خو لږ ډیر دا د ګورنمنټ ذمه داری ده چې د هر شهری د عزت د وقار خیال وساتی او په هره خبره باندې نوټس واخلی او چې ته د هر شهری د یو غریب سړی په خبره باندې نوټس اخلې بیا به ستا عزت ته دا وخت نه رارسی چې نن معزز ممبر هم په

دې ایوان کښې دے ، هغه د دې نه پاتے نه دے ، نو زهٔ مکمل د دې حمایت کوم چې هر څوک وی، میاں افتخار صاحب خبره وکړه چه ماته باره بجې آئی جی هم ټیلفون وکړو، ماته باره بجې سی سی پی او هم ټیلفون وکړو، آیا دا د سی سی پی او کار نه دے چې هغه داسې غیر جانبداره انکوائری مقرره کړی چې د دې خلقو سره ئے تعلق نه وی؟ ورسره که څوک د انکوائرئ په مقرر کولو باندې نه پوهیږی، هغوی کښې دومره اهلیت نه وی چې د چا سره جنګ دے ، هغه به زهٔ په دې ځائے باندې مقرر کړم نو بیا خو به راځی دا خبرې خو پکار دا ده چې دې باندې د پیښور ذمه دار سړے چې هغه سی سی پی او دے او دوئ په دې باندې داسې سړے انکوائری افسر مقرر کړے وے چې د دې واقعې سره د هغه هیڅ قسمه تعلق نه وی، بیا به زما ایم پی اے مطمئنه وه۔ زما د منسټر په عزت، په وقار کښې به هم فرق نه وو راغلے ، دا ډیره افسوسناکه خبره ده چې په یو واقعې پسې به زما څلور وزیران ځی او زما د وزیر به هلته هیڅ قسم قدر قمیت نه وی چې دے راغلے دے ، وزیر ډیر لوئے سړے دے ، (تالیاں) وزیر چې د هر حکومت وی، دا حکومت وی او د وزیر لاندې خلق چې دی دا ما تحت دی، دا ټول د وزیرانو ما تحت دی خو افسوس چې زما د څلورو وزیرانو په دې ګورنمنټ کښې دا حال وی، زما د عام شهری به څه وی، زما د دې سائل به څه وی، د هغه سائل به څه وی؟ ما دلته څو ځله دا خبره وکړه چې خدائے ته وګورئ د معززو خلقو د کورونو ګهیراؤ روان دے ، خلق به راځی، داسې حالات راغلی دی چې دا معزز ایم پی ایز به د خپل دفتر او د کور نه نشی وتے ، نو مونږ مکمل مذمت کوؤ، ته دلته زمونږه بچئ هم یئ، ته د دې ایوان خور هم یئ، ستا عزت هم زمونږ دے او د دې ایوان هر یو عزت چې دے دا زمونږ عزت دے۔ مونږ به په خپلو کښې نظریاتی اختلاف لرو، مونږ به په خپلو کښې کله کله یو بل سره تیز و تند جملې استعمالوؤ خو د دې ایوان عزت مونږ چا ته هم نه شو ورکولے ، دا په هر چا مقدم دے ، (تالیاں) مونږ مکمل سپورټ کوؤ د دې، مونږ مکمل سپورټ کوؤ او دیکښې هغه سزا پکار ده، (تالیاں) هغه سزا پکار ده چې چا هم دا جرم کړے وی چې هغې نه بیا وروستو خلق ګوری چې دې معزز ایوان ته څوک لاس واچوی د هغه څه حشر وی؟ ډیره مننه۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

(شور)

محترمہ یاسمین ضیاء: جناب سپیکر! چې د دوئ خلاف خو اوس ایکشن وکړئ۔

جناب سپیکر: کوؤ، کوؤ جی۔ ودریږه چې ګورنمنټ نه څه پاتې شی۔ جی بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب، ماته اجازت دے جی؟

جناب سپیکر: جی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): تهینک یو ویری مچ، سپیکر صاحب۔ زۀ لږ لیټ راغلم معافی غواړم۔ دا زما خور به خبرې کړې وی، ما نه دی اوریدلې۔ د میاں صاحب خبره ما واوریدله، دا زمونږ منسټر صاحب او درانی صاحب خبره وکړه، څنګه چې میاں صاحب خبره وکړه، دې باندې چیف منسټر پخپله د شپې دولس بجې ټیلفون کړے دے، هغوی Suspend شوی هم دی خو دا ټهیک خبره ده چې دا کوم سړے پکښې Involve دے، هغه باندې انکوائری کیږی۔ دا فلور آف دی هاؤس زۀ وایم چې دا انکوائری به مونږ Independent کس ته ورکوؤ او کوشش کوؤ چې جوډیشل انکوائری وربانډې وشی او که هر څوک ذمه وار وی، د هغه خلاف سخت ایکشن به اخلو او د ډسټرکټ سیشن جج پیښور هغه به Nominate کړو چې د دې انکوائری وکړی او د دې معلومات وکړی۔

(شور)

محترمہ یاسمین ضیاء: جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب منور خان (ایڈوکیٹ): جناب سپیکر صاحب! یہ کیا کہہ رہے ہیں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں جناب، اس پوائنٹ پر بات کرنا چاہتا ہوں سپیکر صاحب۔

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! یہ انکوائری تو۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب عطیف الرحمان: زۂ جناب سپیکر صاحب، دا وایم چې۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب! ہم ایسی بات نہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ سب تشریف رکھیں۔

(شوراور قطع کلامیاں)

ایک رکن: مونږ دا نه منو۔

جناب سپیکر: آپ سب بیٹھیں۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب۔

(شوراور قطع کلامیاں)

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین ایوان سے علامتی واک آوٹ کر گئے)

جناب سپیکر: آپ سب بیٹھیں۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: تشریف رکھیں، آپ بیٹھیں، سب بیٹھیں۔ ستارہ آیاز! آپ بیٹھیں، سب بیٹھیں۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ لے آئیں ان کو، شاہ صاحب، ارباب صاحب، بشیر بلور، آپ لوگ بیٹھ جائیں تو سب بیٹھ جائیں گے۔ آپ لوگوں نے خود مچھلی بازار بنادیا۔

(شوراور قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: The Sitting is adjourned for fifteen minutes.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ آپ سب بیٹھ جائیں جی، آپ سب معزز اراکین بیٹھ جائیں گورنمنٹ کے، بیٹھ جائیں، آپ سب بیٹھ جائیں۔ پارلیمانی جمہوریت میں کبھی کبھی یہ ہوتا ہے، یہ جو آج ہمارے ہاؤس میں ہماری بہن کے ساتھ جو کچھ افسوسناک واقعات گزر چکے ہیں اور جس کے بعد سب سے جو زیادہ ٹی وی پہ وہ Footage چلائی گئی، تو سب سے بڑی غلطی یا جو بھی کہیں، غلط ایکشن وہ تھا، اس سلسلے میں میں گورنمنٹ سے کہتا ہوں کہ جی بشیر بلور صاحب، آپ لوگ۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات):   جناب سپیکر صاحب!

(شور اور قطع کلامیاں)

ایک رکن: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب سپیکر: یو منٹ، میں وہی آپ کو کہہ رہا ہوں کہ اپوزیشن لیڈر کے جتنے دوست ہیں، بھائی باہر بیٹھے ہیں، میرے خیال میں آپ بیٹھ جائیں کہ وہ آ جائیں، وہ سب آ جائیں۔ مفتی صاحب! جلدی کریں آ جائیں سب۔

(حزب اختلاف کے اراکین واک آوٹ ختم کر کے ایوان میں تشریف لائے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب! آپ بولیں لیکن میرے خیال میں وقت ایسا ہے۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب! ہم نے تو واک آوٹ کیا تھا اور ابھی آپ نے بلایا تو ہم واپس آئے۔

جناب سپیکر: ہاں بالکل، میں لودھی صاحب کی قدر کرتا ہوں، آپ سب معزز اراکین کی اور خاص کر اپوزیشن کے بھائیوں کی دل سے قدر کرتا ہوں لیکن بشیر بلور صاحب سے ایک دو منٹ سنتے ہیں، پھر اس پہ میں خود، جس طرح میں نے کہا تھا کہ میں Custodian of the House ہوں، میں آپ کی عزت کا خیال رکھونگا۔ جی بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات):   جناب سپیکر صاحب! ستاسو ډیر شکر گزار یم او خاص زه د اپوزیشن د ممبرانو صاحبانو او خاصکر زۀ د خپلو خویندو ډیر زیات شکر گزار یم چې دوئ مهربانی وکړه او هاؤس ته راغلل۔ سپیکر صاحب، دا Unpleasant

واقعه وشوه او دا ربنتیا خبره ده چې نه وه پکار خو دا یو جمهوری ځائے دے او دې جمهوریت کښې داسې کیږی، خلق ځی او د اپوزیشن خو زیات شکر گزار یم، میاں صاحب او ظاهر شاه صاحب چې دوئ لاړل، خبره ئے وکړه۔ اصل خبره دا وه چې مخکښې خو هر څه چې شوی وو، هغې کښې زمونږ دې خپل ورونو پرون ستاسو خیال وو چې چا خبره هم ونکړه خو هغه بدقسمتئ سره چې کوم دا Footage وچلیدو نو د هغې نه پس دا اوس ښکاری چې ایس پی کوم Concerned وو، دا د هغه په مشوره باندې دا Footage تلے وو، ولې چې بغیر د ایس پی نه دا تهانې والا دومره زورآور نه وی چې هغه Footage ورکړی۔ بل دا چې د ټولو نه زیاته خبره دا ده چې عام داسې سړی سره هم زیاتے کیږی نو هغه هم مونږ Condemn کوؤ او د هغې خلاف مونږ وایو چې دا نه ده پکار خو چې یو ممبره ده، زمونږ د هاؤس ممبره او بیا زمونږ خور او زمونږ د پارټئ او د حکومت د طرف نه، ایم پی ایز زمونږ ټول ډیر زیات قابل احترام دی خو هغوی سره داسې زیاتے کول زما خیال دا دے چې بغیر د ایس پی د اجازت نه د ایس ایچ او دومره توره نشی کولې چې هغه یو ایم پی اے صاحب یا د هغې د خاندان سره یا هغه خلقو سره دومره زیاتے وشی نو خامخا هغه ایس ایچ او به هم د ایس پی نه تپوس کړے وی چې یره دا داسې واقعه ده، هغه به ورته وئیلی وی چې ته داسې ایکشن واخله نو د دې ټولو حالاتو، زه هغې ته نه ځم او نه زه په هغې باندې خبره کوم سپیکر صاحب، دیکښې زهٔ فلور آف دی هاؤس دا اعلان کوم چې Immediately دا سړے سبا به مونږ Relieve کړو، واپس د لاړ شی فیډرل گورنمنټ ته زمونږ گورنمنټ نه دا ایس پی د Immediately واپس لاړ شی (تالیاں) فیډرل گورنمنټ ته او څه نامه ئے ده، دا تاسو ته ریکویسټ کوؤ (مداخلت) پلیز بیٹھیں، چې د دې هاؤس کمیټی جوړه کړئ، د هر یو پارټئ نه یو یو کس واخلئ او دا انکوائری وکړئ او Within a week د دې مونږ ته رپورټ راکړی او چې دیکښې هر څوک Involve وی، د هغوی خلاف سخت نه سخت حکومت به ایکشن اخلی۔ دا زما گزارشات وو۔

جناب سپیکر: زما خیال دے-----

(شور)

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: نه جناب سپیکر صاحب، دې سلسله کښې زما يو ريکويسټ وا وره۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر صاحب!

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب نے مجھے فلور نہیں چھوڑا، ابھی یہ خود سنبھالیں تو میرے خیال میں بہتر ہوگا۔ آپ لوگ، میں کیا کہہ سکتا ہوں؟

(شوراور قطع کلامیاں)

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب! ہم-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں۔

میاں افتخار حسین (وزیراطلاعات): جناب سپیکر صاحب! يو منټ زۀ خبره کوم-----

جناب منور خان (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر صاحب! یہ بات غلط ہے، اگر یہ کہتے ہیں کہ-----

جناب سپیکر: دا سې خبره د ه میاں صاحب، تا سو بس ټول کیښنئ، تا سو نه ونشوه۔

(شوراور قطع کلامیاں)

وزیراطلاعات: نه جی-----

جناب سپیکر: د نن نه، اوس آرډر وکړئ، سی ایم صاحب ته اووایئ چې دا سړے Surrender کړی، دے زمونږ د پښتنو روایاتو بانديې نه پوهيږی او اوس د ئے اوباسی (تالیاں) او د ټولو سیاسی پارټو مشران چې څومره دلته ناست دی، د دوئ به زۀ کمیټی جوړوم او دوئ به ئے انکوائری کوی او رپورټ به ان شاء اللّٰه په يو دوه ورځو کښې هاؤس ته، تاسو ته Put up کړو۔

وزیراطلاعات: جناب سپیکر صاحب-----

جناب سپیکر: بس تا سو کیبنئ، بس خبره ختمه شوه جی، بس خبره ختمه شوه جی۔ بس د دې نه پس، د سپیکر د رولنګ نه پس دا Surrender، او نن به ئے Surrender کوئ او مونږ ته به کاپی را لیږئ، بس خبره ختمه شوه۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب! ما ته اجازت را کړئ ګنی خبره به هم دا سې وی-----

جناب سپیکر: جی۔

وزیر اطلاعات: زهٔ د بشیر خان هم مشکور یم، زمونږه مشر دے، ستا سو هم مشکور یم، وضاحت صرف، دا خبره ده چې زمونږ ملګرو د اپوزیشن د مشرانو ډیمانډ وو ګنی مونږ OSD کولو او بیا انکوائرئ کېښې مو شاملولو خو دوئ اووئیل چې دا اوس Surrender شی نو ډیره ښه ده۔ مونږ دې ته هم تیار یو، مونږ ئے Surrender کوؤ خو دے د تحقیقاتو نه بهر نه دے، مونږ به دے رااوغواړو او دے به په دې تحقیقاتو کښې شامل وی۔ ایس ایچ او دے، ایس ایچ او او عمله به فوری معطل وی۔ دا چې کوم دوئ دغلته کښې عمل کړے دے که دیکښې ډرامه بازی وی نو بیا به د دې نه پس د حوصلې خبره نه وی۔ دا یوه خبره ده او په دیکښې دوئ ټول هاؤس، مونږ چونکه د اپوزیشن ملګرو لکه شکریه ادا کوؤ چې هغوی دغه Stand واخستو چې زمونږ هومره Stand ئے واخستو او هغوی زمونږ سره وو چې دا یوه خبره ئے کوله نو مونږ هم پرې ډیر نه پوهیدو خو درانی صاحب چونکه سابقه وزیر اعلیٰ پاتے شوے دے، هغوی دا خبره کوله چې تا سو فوری د Surrender خبره وکړئ، د دې Impression به ښه پریوځی چې ګنی د صوبې د اسمبلئ ساکه برقرار شو او دوئ یو خبره وکړه او هغوی ته عزت ملاؤ شو۔ په دې بنیاد باندې بشیر خان دا خبره کړې ده نو زما ټولو وروڼو ته خواست دے که تحفظات ئے وی نو تا سو کمیټی جوړه کړئ، هم په هغې کښې به دے رااوغواړو او د ده سره به خبره هم کوؤ او د دې خبرې وضاحت به هم کوؤ که چرته قصور وار وی نو په Surrender کیدو ئے معاف کوؤ نه، بیا به باقاعده خپله سزا خوری خو دا اوس فوری د ایکشن یوه حصه ده چې دے به د دې ځائے نه Surrender کیږی۔ مهربانی جی۔

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): جناب سپیکر صاحب! آپ کو اندازہ ہے کہ ہمارے پاس وقت بہت کم رہ گیا ہے اور آج کا ایجنڈا بھی بہت زیادہ ہے تو ایجنڈے کی طرف آئیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوہ جی، داسې به کوؤ۔ اوس داسې تاسو ته یو ریکویسټ کوم چې چونکه د بجټ اجلاس دے، بجٹ اجلاس ہے، میرے سارے بھائی جو آپ بیٹھے ہیں، وقت کا بھی آپ کو اندازہ ہے کہ ہمارے پاس کم رہ گیا ہے اور آج کا ایجنڈا بہت زیادہ ہے، لہذا میں قاعدہ 148 کے ذیلی قاعدہ (4) کے تحت اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2012-13 کے تمام مطالبات زر کو بغیر بحث کے حسب قاعدہ ایوان کی رائے کیلئے بغرض منظوری پیش کرتا ہوں۔ شکریہ۔

(شور)

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین کھڑے ہو کر مخالفت کرنے لگے)

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر!-----

ملک قاسم خان خٹک: محترم سپیکر صاحب! دا ډیر ضروری کټ موشنز دی-----

جناب منور خان (ایڈوکیٹ): جناب سپیکر! ان کٹ موشنز-----

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! آپ ان چیزوں کو بلڈوز نہ کریں، ہم اس پر بات کرنا چاہتے ہیں-----

جناب سپیکر: نه تاسو کومه محکمه باندې خبره کول غواړئ، نہیں آپ کس محکمے پر خاص کر بات کرنا چاہ رہے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! ہماری ساری کٹ موشنز اہم ہیں اور ان سب پر بات کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ جناب سپیکر، محکمہ پولیس، جیلخانہ جات-----

جناب سپیکر: میرے خیال میں یہ پولیس کا بڑا بجٹ ہے، آپ اس پر بحث کریں۔ آپ سب بیٹھ جائیں، آپ سب بیٹھ جائیں، یہ پہلے اس کو ختم کریں، یہ Current جو ہاتھ میں ہے، مفتی صاحب تو بول چکے ہیں کل والے اس پر، آپ کل والے اس پر تو بول چکے ہیں۔ مفتی سید جانان صاحب۔

مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

<u>مفتی سید جانان</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زہ جی د گیارہ لاکھ روپو د کٹ موشن تحریک پیش کوم۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eleven lac only. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: میں چار لاکھ روپے کٹوٹی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four lac only. Muhammad Reshad Khan.

مفتی صاحب! تہ کیبننہ تا تہ موقع درکوم کنہ، کہ ولاړہ درلہ هسې خوند درکوی؟ پہلے منور خان صاحب۔

<u>جناب منور خان (ایڈوکیٹ)</u>: جناب، میں دس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousands only. Muhammad Reshad Khan, not present, it lapses. Naseer Muhammad Khan.

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل</u>: میں دس روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Nargis Samin Bibi.

<u>محترمہ نرگس ثمین</u>: میں دو سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Nighat Yasmin Bibi.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر! میں چالیس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees forty lac only. Wajeeh-uz-Zaman Sahib. Not present, it lapses. Ji Saeeda Batool Nasir Bibi.

<u>محترمہ سعیدہ بتول ناصر</u>: میں پانچ لاکھ کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: بی بی! کل آپ پیش کر چکی ہیں۔

<u>محترمہ سعیدہ بتول ناصر</u>: اچھا کل پیش ہو چکی ہے۔ جناب سپیکر، جیلخانہ جات کے بارے میں یہ کہنا تھا کہ یہ جو ڈیپارٹمنٹ ہے، اس میں چار سال میں جیل میں کوئی ایسی اصلاحات سامنے نہیں آئیں اور کوئی ایسا ریفارمز پروگرام اس طرح کا نہیں آیا، اس کی کارکردگی کوئی تسلی بخش نہیں ہے بلکہ کارکردگی بہت ناقص ہے

اور چاہیئے تو یہ کہ کوئی اصلاحات ہوں، 98-1995 میں جو اصلاحات ہوئی تھیں، ان پر بھی کوئی Implementationایسی نہیں ہوتی، قیدیوں کے ساتھ بچے اور قیدیوں کی اصلاحات کا انہوں نے کوئی پروگرام ایسا نہیں پیش کیا۔

جناب سپیکر: تھینک یو، بی بی۔ سکندر حیات خان شیر پاؤ صاحب، پلیز۔ بشیر بلور صاحب! آپ Kindly انکے ساتھ بیٹھ جائیں، تھوڑا سا آپس میں کوئی طریقہ / پروسیجر بنا دیں، میاں افتخار صاحب کہاں گئے جی؟

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ زه ستاسو مشکور یم چې تاسو موقع راکړه په ډیمانډز باندې۔ مونږ چې کوم کټ موشن پیش کوؤ نو زمونږ مقصد هم دا دے چې زمونږ د ډیپارټمنټس چې بعضې کومې غلطئ یا کومې کمزورئ مونږ ته ښکاری چې مونږ د هغې نشاندهی وکړو، دیکښې نور څه زمونږه مقصد نه دے۔ جناب سپیکر، د جیل د دې Concept چې مونږه وګورو نو دا خو یو دا دے چې ټهیک ده هغه یو سزا ورکول وی خو ورسره ورسره د دې یو عام شے چې دے هغه د Rehabilitation او د ریفارمز هم دے۔ زمونږه دلته کښې تر اوسه پورې په دې محکمه کښې مونږه دا ونه کتل چې کوم Criminals یا کوم نور دغه دی چې د هغوی د ریفارم د پاره، د هغوی د Rehabilitation د پاره څه داسې Initiatives واخستلې شی او د هغې د پاره څه طریقه کار جوړ کړے شی۔ دا کوم Normal criminals دی، د هغوی هم، ځکه چې ځو پورې تاسو دا Address نه کړئ، تاسو دا Crimes چې دی هغه کمولې نشئ۔ دا صرف دغه کول چې یره مونږ یو کس له سزا بس ورکړه او هغه دغه شو، څو پورې د هغه تاسو ریفارم نه وی کړی، واپس په سوسائټئ کښې د Induct کولو د پاره، هغه هغه شان Rehabilitate نه وی نو هغه فائده نه کیږی او بیا ورسره ورسره خصوصاً چې دا نوے کوم د څو کالو نه چې مونږ ته دغه جوړ دے، خاصکر د Militancy په حوالې سره، د هغوی د Rehabilitation د پاره هم ضروری یو پالیسی، یو فریم ورک پکار دے۔ که مونږه دیکښې وګورو نو تیر کال کښې چې کوم دوئ دا Budget estimate جوړ کړے دے، په دیکښې که Page 235 باندې وګورو نو دوئ ځان ته یو ټارګټ ایښودے وو چې یره مونږه به درې نوی Rehabilitation centers جوړوؤ خو وروستو کال کښې په هغې کښې هیڅ قسمه پراګریس ونه شو او دوئ هغه Rehabilitation centers جوړ نه کړے شو، نو یو

خو زه به د دې وزیر صاحب نه تپوس کوم چې ولې دا Rehabilitation centers جوړ نه شو او آیا دې د پاره دوئ څه پالیسی جوړه کړې ده، څه Improvement چې دې شی طرف ته توجه ورکړی؟ ورسره ورسره زما نه مخکښې مفتی صاحب هم پرون په دې باندې خبره کړې وه چې یره د بنوں جیل واقعې باره کښې دوئ له هم پکار دی چې هاؤس په اعتماد کښې واخلی خو دې نه علاوه دې پیښور سنټرل جیل نه هم بعضې Prisoners escape شوی دی او په وروستو کال کښې هم شوی وو، نو د هغې انکوائری چې ده، هغه د هم مونږه ته لږ وښائی چې د هغې څه نتیجه رااووتله او آیا د هغې چا ته سزا ورکړې شوه او که ورنکړې شوه؟ دوئ تیر کال کښې هم وئیلی وو چې یره مونږ د Security enhance کولو د پاره پیسې هم ایښودې وې او وائی چې مونږه د هغې د پاره Steps وچت کړی هم دی نو د هغې څه نتیجه رااووتله؟ د بنوں جیل د واقعې نه پس خو د هر یو کس دا خیال دے چې یره جیل هغه شان محفوظ نه دے نو د هغې د دوئ لږ مونږه ته وضاحت وکړی چې دا دوئ څه اقدامات وچت کړی دی؟

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ۔ جناب سپیکر! میں تو وزیر صاحب کا چہرہ دیکھ کر مجھے واپس ہی لینا پڑے گی۔ میں ایک بات بتانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ بنوں جیل کا واقعہ کوئی معمولی نوعیت کا واقعہ نہیں تھا اور جب یہ واقعہ پیش آیا تو اس سے یوں معلوم ہو رہا تھا کہ ہمارا ہر قیدی، وہ عدم تحفظ کا شکار ہو گیا۔ ہم نے اس سلسلے میں حکومت سے پوچھا بھی تھا، حکومت نے جو کچھ کیا ہے، وہ تو صرف اشک شوئی کیلئے کیا ہے، وہ حقیقت نہیں ہے، اصل ملزمان کو پھر بھی چھپایا گیا۔ میں تو وزیر موصوف سے یہ پوچھونگا کہ اس انکوائری کے بارے میں آپ ہمیں مطمئن کر دیں اور وہ کونسے لوگ ہیں جن تک آپ کا ہاتھ نہیں پہنچتا؟ وہ بھی اگر بتا دیں تو بڑی جرات اور کمال کی بات ہو گی اور تیسری بات یہ ہو گی کہ آپ نے بنوں جیل کے واقعے سے کیا عبرت حاصل کی ہے اور مزید جیلوں کو Secure کرنے کیلئے کیا انتظام کیا ہے؟ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زه جی منسټر صاحب زمونږه د علاقې دے او عزتمند سړے دے، زه دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: شکریہ، Withdrawn۔ ملک قاسم خان خٹک صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ Repetition نه دے پکار خو د بنوں جیل واقعه چې دا کوم څه شوی دی، دا خو په World کښې یو تاریخی واقعه ده۔ دې سره ګوره ایتهوپیا کښې یو وزیر د خپل ځان نه استعفیٰ ورکړه، یو قیدی لاړو او د بنوں جیل نه چار سو قیدیان لاړل او هغه بیا خپله د جیل دروازه کهلاوئی ورته او اوس خو د غسې کوهاټ نه لاړل جی، تقریباً نو دس قیدیان د کوهاټ نه لاړل او اوسه پورې پته نشته، زه دا پوښتنه کوم چې آیادا د حکومت په مرضئ لاړل جی؟ او دې سره سره شرم پکار دے دا محکمه دا سکوټ ختمول پکار دی۔ ګوره جی واقعه وشوه، انتظامیه لاړه، ټول فیډرل ګورنمنټ ته لاړل، پولیس والا لاړل، پکار خو دا ده چې دا فنډ مونږه هغې ته Allocate کړو، د دې جیل څه فائده؟ اوس خو دغه پوزیشن دے، هغه ژاړی لیوی جمعداران دی، هلته کښې جی ولاړ دی چې ورځه څپیړې ورکوه، سکوټ دروازه خپله درته کهلاوئی، بیا دې محکمه کښې چې څه کیږی، داسې څه محکمه شته؟ ماته خو شرم راځی ځکه چې دا وزیر صاحب زمونږه کلی وال دے، زه خامخا په ده خفه کیږم چې ده څه کردار ادا کړو، ده ځومره انټرویوز ورکړل، مونږه خو چې لیدلی دی، بشیر بلور صاحب، میاں افتخار صاحب دا جوابونه کوی چې ته جواب نه شې کولے، د خپلې محکمې ته تحفظ نه شې کولے نو بیا د دې څه خبره ده؟ او دا وزیر صاحب زمونږه لاسټ ټائم مخکښې وزیر وو او مونږه ته ئے دا وئیلی وو چې د کرک جیل به زه ډسټرکټ جیل قرار کوم جی، کوهاټ لاړو فوج ته، لکی لاړو فوج ته، د کرک سخت ضرورت دے، هغه اوس دا ځل چې مو وکتل د کرک جیل په هغه اے ډی پی کښې نشته دے او بله خبره جی وایم دومره د افسوس، یعنی د جیلونو چې کوم وزټ مونږه کړے دے، هغې کښې هلته چې کوم خوراک دے، دومره پیسې ورکول، هغه جیل والو سره چې کوم ظلم کیږی، هلته چې کوم کرپشن دے په جیل دننه، زه خو وایم چې دې محکمې ته نورې پیسې ورکول دا عبث دی او حکومت د په دې نظرثانی وکړی او زه به خامخا دا Contest کوم۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ منور خان صاحب! جی واپس، تاسو Withdraw شوئ؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہ جی۔ تھینک یو سر، میرے خیال میں اس پر کافی بحث بھی ہو گئی ہے اور ان لوگوں کو جواب اگر دے دیں تو میرے خیال میں وہی کافی ہے۔ میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ کافی ہوگا، تھینک یو، آپ واپس لیتے ہیں، Withdrawn۔ نصیر محمد میداد خیل صاحب۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: شکریہ جناب سپیکر۔ میں آپ کے توسط سے ایک دو باتوں کی وضاحت چاہونگا۔ ایک ہمارے وفاقی وزیر داخلہ نے بیان دیا تھا کہ جیلوں میں پولیس کے جو سپاہی ہیں، انکے پاس اسلحہ نہیں ہوتا، جب اسلحہ نہیں ہوتا تو اس وقت صوبائی حکومت نے اس واقعے کے بعد جیلوں کی سیکورٹی کیلئے کیا پلان بنا رکھا ہے اور ان کیلئے کیا منصوبہ ہے؟ اس کی وضاحت کر دی جائے، نمبر ایک۔ نمبر دو جس واقعے کا ابھی کچھ پہلے مجھ سے تذکرہ ہوا تھا بنوں کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس وہ ہو چکا ہے جی، وہ کافی ہے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: میں اسی کے متعلق ایک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ کافی ہے جی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: میں اسی کے متعلق، انہوں نے نہیں پوچھا، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس واقعے کے بعد اس ڈویژن کے کچھ افسران کو OSDs اور Suspend کر دیا گیا لیکن جیل حکام کے بعض افسران جو غیر متعلقہ ہیں، دوسرے اضلاع میں ہیں، ان کو بھی Suspend اور OSDs بنا دیا گیا، اسکی ایک مثال میں یہ دونگا کہ تین مہینے پہلے یہاں سے تبدیل شدہ شخص جو کہ تیمر گرہ میں بحیثیت جیل سپرنٹنڈنٹ تھا، اس کو بھی OSD بنا دیا۔ یہ بتا دیا جائے کہ ان افسران کو کس جرم میں OSDs بنا کر سزا دیدی گئی؟

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ نرگس ثمین بی بی! اسی کٹ موشن پر خالی دو دو باتیں، اس سے زیادہ نہیں۔

محترمہ نرگس ثمین: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! ما هم د بنوں جیل واقعه باندې خبره کول غوښتل خو مانه مخکښې نورو خلقو وکړه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا جیل باندې خاص، د جیل وزیر چې څه غوښتی دی په دې خبره کوئ۔

محترمہ نرگس ثمین: بنه جی۔ د منسټر په باره کښې زه دا وئیل غواړم چې منسټر صاحب ډیر Straight forward او Kind minded دے او دوه کاله خو دے په دې سیټ باندې وو هم نه، نو زه دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: واپس اخلئ، Withdrawn۔ شکریه بی بی۔ نګهت یاسمین اورکزئی صاحبه، دا منسټر صاحب شریف سړے دے ته ئے هم واپس واخله۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، نه نه، یو ډیره Important مسئله ده ورنه۔۔۔

Mr. Speaker: Okay, okay ji.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: واپس به اخلم لیکن جناب سپیکر صاحب! دلته زه د بنوں جیل وغیره خبره نه کوم، هغه لکه ټولو ملګرو وکړه، دلته پیښور جیل کښې مخکښې هم ما په پوائنټ آف آرډر باندې خبره کړې ده او دا زمونږ د صوبې د پاره او خاصکر د پیښور د پاره یوه ډیره Important مسئله ده، سبا له که دلته دا قیدی شکیل آفریدی چې دلته موجود دے او دلته درې سوه په دې جیل کښې Terrorists دی او هغه Terrorists دا وائی چې دلته اوبامه راغلے دے ناست دے نو تاسو ماته دا اووایئ، سبا له که څه نقصان ورسیدو او دا خو د فاټا سره تعلق لری نو دا د پنجاب ته ولیږلے شی، دا د بلوچستان ته ولیږلے شی، دا د سندھ ته یا فیډرل ګورنمنټ، دا په خپل تحویل کښې واخلئ ولې چې سبا له که څه داسې ناخوشګواره واقعه وشوه نو مونږه به بیا وایو چې وزیر د هم استعفیٰ ورکړی، سپرنټنډنټ آف جیل د هم استعفیٰ ورکړی او IG Prisons د هم استعفیٰ ورکړی، نو د دې شکیل آفریدی څه نه څه کول پکار دی، دې باندې مونږه ته خاموش پاتې کیدل نه دی پکار۔ پکار دا ده چې فیډرل ګورنمنټ سره خبره وشی او دا سړے دلته نه ورک کړئ، دلته نه ئے لرې کړئ بس ګنی ستاسو په صوبه باندې به هم څه نه څه آفت راشی، خدائے ومنئ۔

Mr. Speaker: Ji hnonourable Minister for Prisons, Mian Nisar Gul Sahib۔ تھوڑا سا سیریس ہو جائیں، میاں صاحب کچھ۔

میاں نثار گل کاکا خیل (وزیر جیلخانہ جات): تھینک یو، سر۔ جیلخانہ جات بھی عجیب ڈیپارٹمنٹ ہے، کل سے اس کا مطالبہ زر نمبر 9 تھا، میرے خیال میں کل ایسا واقعہ ہو گیا کہ اس پہ تقریباً۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر صاحب! میرا نمبر تھا۔

جناب سپیکر: ایک منٹ، ذرا آپ تھوڑا سا بیٹھ جائیں، آپ کا کدھر ہے جی؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: نمبر 8۔

جناب سپیکر: نمبر 8، دا پاتې شوے دے؟

وزیر جیل خانہ جات: نمبر 9 ہے سر۔

جناب سپیکر: ہں جی، عنایت اللہ خان! آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: کٹ موشن ہے۔

جناب سپیکر: آپ کی کٹ موشن ہے؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: جی ہاں۔

جناب سپیکر: اس وقت تھی لیکن آپ نہیں تھے۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: اچھا اچھا۔

جناب سپیکر: تو آپ کی Lapse ہو چکی ہے۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: کل ہی ہوئی ہے یہ، اچھا مجھے پتہ نہیں چلا میں معذرت چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: اس کے بعد مفتی صاحب جلال میں آ گئے۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: میں معذرت چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ میاں نثار گل صاحب۔ .Sorry for disturbance, sorry ji۔

وزیر جیلخانہ جات: تھینک یو، سر۔ سر، کل سے یہ مطالبہ زر نمبر 9 جو آیا ہوا ہے، میرے خیال میں اس پہ کل بھی کافی بحث ہوئی تھی اور آج بھی، ایسا عجیب واقعہ ہو گیا کہ جیلخانہ جات ڈیپارٹمنٹ، جس طرح میں دیکھ رہا تھا، اسمبلی میں بھی جب اس کے مطالبات زر آ گئے تو دو واقعے کل کے اور آج کے، سر میں ان دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے اپنی کٹ موشنز واپس لی ہیں اور ان دوستوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے جیل ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں کہا کہ اس میں کیا اصلاحات ہو گئی ہیں، کیا نہیں ہوئی ہیں؟ اگر میں یہ کہوں کہ Prison department بہت اچھا ڈیپارٹمنٹ ہے اور اس میں ہم نے بہت کچھ کیا تو پھر یہ میری غلطی ہو گی، ایسا ڈیپارٹمنٹ ہے کہ اس سے پہلے چار پانچ سال اگر آپ دیکھ لیں، اس دہشت گردی کی لہر کی وجہ سے ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ جو وسائل تھے لیکن صوبے میں چار سال کی جو دہشت گردی کی لہر آئی، اس میں ہمارے Prison department پر بہت زیادہ بوجھ آیا،

اس میں ایسے دہشت گرد لوگ آ گئے جو کمانڈو ٹریننگ کر چکے تھے اور آرمی نے ان کو پکڑا اور ہمارے جیلوں کے حوالے کیا۔ اس کے باوجود بھی ہمارے ڈیپارٹمنٹ کی یہ کوشش تھی کہ جتنے اپنے وسائل تھے، ہم جتنا کچھ کر سکتے تھے، وہ کر لیا لیکن اس کے درمیان بنوں کا جو واقعہ ہوا، یہ پورے صوبے کیلئے اور پورے ملک کیلئے ایک ایسا واقعہ تھا کہ جس میں پہلی دفعہ صوبائی حکومت نے ایک کمیٹی بنائی اور میرے خیال میں یہ ریکارڈ پہ ہے کہ وزیر اعلیٰ نے خود کیبینٹ کے سامنے جو رپورٹ آئی تھی، پورا دن Prison department کو دے دیا اور کیبینٹ کے سامنے وہ رپورٹ انہوں نے پڑھی اور جو لوگ بھی قصور وار تھے، ان کو اسی وقت اسی موقع پہ کیبینٹ کی Approval پہ سزائیں دی گئیں اور اس کے بعد جیل کی بھی اور جتنے جیلوں کی سیکورٹی تھی، ان کو بڑھایا گیا۔ میں اس سے ایک ہفتہ پہلے بمعہ IG Prison ہزارہ ڈویژن کا وزٹ کر چکا ہوں، ہری پور میں گیا ہوں، میرے ساتھ ایم پی ایز حضرات تھے، مانسہرہ میں گیا ہوں، بٹگرام تک میں گیا ہوں اور ایبٹ آباد جیل کا بھی میں نے وزٹ کیا ہے، ہری پور، بنوں جیل کے واقعے کے بعد میں خود بنوں جیل دو دفعہ گیا ہوں۔ سر، بات یہ ہے کہ میرے ڈیپارٹمنٹ کے جو سپاہی ہیں اور جو بنوں جیل کا واقعہ تھا، آپ دیکھ لیں، میرے ساتھ بشیر بلور صاحب تھے کہ جو جتنے وسائل کے ساتھ وہ لوگ آئے تھے، اسلحے کے ساتھ وہ لوگ آئے تھے تو میرے خیال میں اگر دیکھ لیں تو یہ ایک ایسا واقعہ تھا کہ اس پہ ملک قاسم صاحب میرے دوست نے کہا کہ منسٹر صاحب نے استعفیٰ نہیں دیا، یہ اس نے ٹھیک فرمایا لیکن میرے خیال میں ریکارڈ پہ ہے کہ میں تو ایسا منسٹر ہوں کہ ایک چھوٹی سی بات پہ میں نے استعفیٰ دیا تھا اور ایک ڈیڑھ سال میں اس ایوان میں ایم پی اے تھا، وزیر نہیں تھا، اگر یہ بات میری طرف آتی کہ As a Jail Minister، مطلب اس میں بہت سے، یہ ٹیم جو آئی تھی، وہ آئے ہیں اور انہوں نے جو اقدامات کیے، اس کے بعد صوبائی حکومت نے جو ایکشن لیا ہے تو میرے خیال میں میں خود ایوان میں آیا، میں نے کیبنٹ میں اپنے آپ کو سامنے پیش کیا تھا کہ اگر یہ جرم میرے اوپر آ گیا تو میں اس کیلئے تیار ہوں، تو ایسی بات ہے کہ وزارت آنی جانی چیز ہوتی ہے، عزت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ سکندر شیر پاؤ صاحب نے کہا کہ جیل ریفارمز میں ہماری حکومت نے کیا کیا ہے؟ جناب سپیکر، یہ میں نہیں کہتا لیکن پہلے جیلوں میں قیدیوں کو بیڑیاں پہنائی جاتی تھیں اور وہ جس کو سزائے موت ہوتی تھی اس کو پھانسی گھاٹ میں بند کیا جاتا تھا، دو گھنٹے اس کی ٹہلائی ہوتی تھی، جب یہ حکومت بنی تو ہم نے ایک قانون پاس کیا، ان کو ہم نے عام قیدی تصور کیا۔ اب کوئی بھی میرا بھائی جیل جا سکتا ہے، پھانسی گھاٹ کے جتنے بھی قیدی ہیں، ان کیلئے اپنی ایک

بیرک بنائی ہے لیکن وہ عام ہمارے قیدیوں میں شمار ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ صوبائی حکومت کے جتنے بھی جیلیں ہیں، ان کی سیکورٹی بڑھانے کیلئے، جتنے بھی جیلز ہیں ہمارے صوبے کے، ان کیلئے ہم نے سی سی ٹی کیمرے، جیمرز اور ساتھ ساتھ میں وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ Specially اس بجٹ میں 35 کروڑ روپے ہمیں اسلحہ خریدنے کیلئے دیا ہے۔اب ہمارا جتنا بھی سٹاف ہے، وہ ٹریننگ پہ ہے، 50 آدمی ہم نے ابھی لاہور بھیجوا دیئے اور Already 50 اس میں کام کر رہے ہیں، ہری پور میں ٹریننگ کا کام کر رہے ہیں اور میں نے Already ہنگو کے ساتھ بات کی ہے، ' کمٹمنٹ ' ہنگو کے ساتھ، کہ ادھر بھی ہمارے یہ لڑکے Train ہونگے، ان شاء اللہ اسلحہ بھی آئے گا، ایسا ہے کہ ہماری حکومت غافل نہیں ہے، ہم نے جیلوں کی سیکورٹی کو بڑھا دیا ہے لیکن جیل ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری ہے Internal، External کی میں ذمہ داری نہیں لے سکتا کہ ایک آدمی آتا ہے 10 کلومیٹر 12 کلومیٹر سے اور اس میں ملک قاسم خان جیسے دوست مجھے کہتے ہیں کہ آپ نے استعفیٰ نہیں دیا۔ ہمارے ڈیپارٹمنٹ کا کام یہ ہے کہ قیدی کو اندر ہم کس طرح کنٹرول کر لیں؟ اسلحہ اندر لے کے جانے کی پابندی ہے اور آپ کو پتہ ہو گا کہ اس سے پہلے پنڈی میں جو واقعہ ہوا تھا، سیشن جج حضرات اس پہ ہو گئے تھے لیکن اس کے باوجود بھی سر، اب بھی میں یہ کہتا ہوں کہ ہماری صوبائی حکومت نے اس سے پہلے جو جو برانڈ تھا، کھانے کے متعلق انہوں نے کہا کہ جو برانڈ تھا، جیلوں میں کوئی برانڈ نہیں تھا، 40 روپے کی ایک قیدی کو روزانہ خوراک ملتی تھی، ہماری حکومت نے اس پہ 95 روپے خرچ کرائے اور میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اس کیس سے پہلے، Before partition کوئی بھی برانڈ نہیں تھا، ہم نے گھی Introduce کرایا ہے، شمع گھی، کوئی بھی برانڈ نہیں تھا، ہم نے بروک بانڈ لیپٹن Introduce کروائی، Fresh milk آتا تھا یا منسٹر کے گھر میں جاتا تھا یا آئی جی کے گھر میں جاتا تھا، ہم نے حلیب اور جو بھی ملک پیک، کیونکہ اس پہ تقریباً 30 / 40 کروڑ روپے ہماری صوبائی حکومت کے خرچ ہوتے ہیں۔اسکے علاوہ ہم جیلوں کے اندر درس وتدریس بھی دیتے ہیں، قرآن شریف بھی پڑھاتے ہیں اور علم بھی دیتے ہیں لیکن ان حالات کے ہوتے ہوئے ہماری جو Capacity تھی جیلوں کی، پشاور جیل کی میں مثال دیتا ہوں، تو ان میں نو سو، ہزار قیدیوں کی تعداد ہے لیکن آج وہ 22 سو اور 25 سو گنتی میں بند ہو رہا ہے، اس جیل کیلئے ہماری حکومت نے دو ارب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ میرے معزز وزیر صاحب بہت اچھی جیلوں کے متعلق آپ کو انفارمیشن دے رہے ہیں تو Kindly اگر آپ اس کو سیریس نہیں سنتے تو میرا ہاؤس کس طرح مطمئن ہو گا؟

وزیر جیلخانہ جات: اس صوبائی حکومت نے پشاور جیل کیلئے 2ارب 70 کروڑ روپے منظور کئے ہیں اور اس کا ٹینڈر First phase کا Already ہو گیا ہے لیکن اتنا انتظار ہے کہ مردان سنٹرل جیل بن جائے تو قیدیوں کو ہم نے ادھر شفٹ کرنا ہے، اس کے بعد اس پہ کام شروع ہو گا۔ ملک صاحب کو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اتنے غافل نہ بنیں، آپ ایک ذمہ دار آدمی ہیں، کرک سے تعلق رکھتے ہیں اور آپ کو یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ منسٹر نے آپ کے ساتھ وعدہ کیا تھا، ڈسٹرکٹ جیل کرک Already upgrade ہو گیا ہے تو میرے خیال میں آپ کو اس بات کی وجہ سے استعفیٰ دینا چاہیئے کہ بڑا نوٹیفیکیشن آیا ہوا تھا کہ ڈگر، لکی اور ڈسٹرکٹ جیل کرک کو سنٹرل ڈسٹرکٹ جیل کا عہدہ دیا گیا ہے اور Already ایک سال سے کہ وہ ڈسٹرکٹ جیل ہو گا اور میں ملک صاحب سے ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں کہ وہ آجائیں، دیکھ لیں۔ وزیر اعلیٰ صاحب کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ میں نے اس فلور پہ وعدہ کیا تھا کہ اس جیل کو ہم Upgrade کریں گے تو میں خود اس کو بلاؤں گا اور اس پہ خود افتتاح کراؤں گا۔ جناب سپیکر، باقی بات یہ ہے کہ جن دوستوں نے، جن دوستوں نے یہ کٹ موشنز دی ہیں، میں ان کو کہنا چاہتا ہوں کہ میں جب بھی جیل کا وزٹ کرتا ہوں، اس علاقے کے دوستوں کو میں بلاتا ہوں، ایم پی ایز کو بلاتا ہوں اور میں یہ ریکویسٹ کرونگا کہ ان حالات کی وجہ سے جیلوں پہ جو لوڈ ہے، ان حالات کی وجہ سے میں کہتا ہوں کہ اپنی کٹ موشنز واپس لے لیں اور اس کو منظور کرانے کی وہ کریں اور میں شکریہ ادا کرونگا کہ یہ واپس لیں اور یہ میرے ساتھ دورہ بھی کریں، جب بھی آئیں، میرے ساتھ دورہ کریں۔ ہاں اگر جیلوں میں کوئی غلطی ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ میں ان کے ساتھ ہوں۔ تھینک یو، سر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، تھینک یو۔ سعیدہ بتول ناصر صاحبہ۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ بس یہ ہم تو چاہتے ہیں کہ یہ جیل سے رشوت ختم کی جائے اور کچھ اچھا کام ہو جائے۔ میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ یہ جو بی بی بتا رہی ہیں کہ کوشش کریں کہ جس طرح جیلوں کا ماحول ہے، وہ بہتر ہو جائے اور اس میں وہ تو پورے صوبے پر Depend کرتا ہے لیکن جیلوں میں خصوصاً بڑے رحم کے محتاج لوگ پڑے ہوتے ہیں۔ بتول ناصر صاحبہ Withdrawn۔ سکندر حیات خان شیرپاؤ صاحب، جی۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: سر، ما چې کوم دغه باندې دغه کړے وو، د Rehabilitation ما خبره کړې وه، Although وزیر صاحب په هغې باندې دغه

ونکړو خو زما ورته دا ریکویسټ دے چې دا دې سره تړلے یو دغه دے چې Rehabilitation طرف ته دوئ توجه ورکړی او د دې د پاره پالیسیز د جوړ کړی۔ زه دغه Withdraw کوم، چونکه وزیر صاحب ښه سړے دے خو دا ده چې زما ورته دا ریکویسټ دے چې Rehabilitation طرف ته۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا قیدیان چې کوم بد راھا شوی وی چې هغه لږ ښه طرف ته راولئ۔ تهینک یو جی، تهینک یو سکندر خان Withdrawn۔ محمد زمین خان۔ ملک قاسم خان خټک صاحب جی۔

ملک قاسم خان خټک: شکریه جی۔ زه خو نن خبر شوم چې منسټر صاحب د کرک جیل ډسټرکټ جیل کړے دے، سنټرل جیل کښې خو هلته ټول حوالتیان دی، یو هم پکښې د عمر قیدی نشته دے چې پکښې د عمر قید څوک وی۔۔۔۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خدائے د نه کړی۔ مفتی صاحب۔

ملک قاسم خان خټک: نو چې چرته ډسټرکټ جیل وی په هغې کښې د عمر قیدی وی، زه منسټر صاحب ته دا خبره کوم چې د جیل وزیر ئې خو دې نه خبر نه ئې چې کوم ځائے کښې ډسټرکټ جیل وی په هغې که د عمر قیدی وی، هغې کښې ټول حوالتیان دی، هغه اوسه پورې سب جوډیشل حوالات دے، نه ډسټرکټ جیل دے نه خو ورته زمکه اخستلې شوې ده۔۔۔۔

جناب سپیکر: د کرک ښه خلق دی۔

ملک قاسم خان خټک: سر، زه خبره کوم جی او زه دا پښتنه د منسټر صاحب نه کوم چې دا ستا د جیل یو سپاهی ګولئ وچلوله چې کله بنوں ته دا کسان ورغلل، دا خلق ئے خلاصول، یو سپاهی د دا اووائی چې هلته چا ګولئ چلولې وی؟ ده ته دا پته شته؟ دے په هغه شپه چرته وو چې کله دغه جیل ماتیدو او دا خلق ورننوتل، بیا هغه ورځ ده چې څه وخت هیلی کاپټر ورغلو چې زه منسټر صاحب، لاړ شه بیا ده څه ورته وئیل چې زه خو نه ځم، کیښنا ستو، زه خو دا خبره کوم چې کم از کم ده ته دا پکار وو، باقی زه خپل کټ موشن کتوتی واپس اخلم ځکه چې دا زما کلی وال دے، دا زه پرې خفه کیږم۔۔۔۔

Mr. Speaker: Withdrawn.

ملک قاسم خان خٹک: خو زه دا ورته وایم چې سپاهي د ډز نه کوي او دا خلق د رنه اوړي-----

جناب سپیکر: نه بنه خبره نه ده، کرک کښې بنه خلق دي ټول، د عمر قیدی نشته پکښې۔

ملک قاسم خان خٹک: ما واپس کړو جي۔

جناب سپیکر: شریف خلق دي کنه د کرک، Withdrawn شو جي۔ بس د هغوی Withdraw شو۔

وزیر جیلخانہ جات: سر، یہ مجھ پر الزام لگا رہے ہیں، میں وضاحت کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! وضاحت کر لیں، ایک منٹ میں کر لیں۔ الزام در الزام نہیں ہو گا صرف وضاحت ہے۔ نہیں کرنا چاہتے، بزنس نہیں کرنا چاہتے؟

وزیر جیلخانہ جات: اللہ ہر کسی کو بخشے اور ہر کسی کو عزت دے اور جس طرح ملک صاحب کے الفاظ ہیں، We belong to Karak اور ان کے جو الفاظ ہیں، اس کے متعلق تو میں اور کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن اتنا کہہ سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کو اسمبلیوں میں لایا کرے کہ وہ ایک دوسرے کی عزت نہ اچھالا کریں۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ منسٹر کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ جیل کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اور جب ایسے لوگ جو دہشت گردی کرتے ہیں، فرض کریں بنوں جیل کا واقعہ تھا، ڈی آئی خان جیل کا واقعہ ہوا ہو گا، جناب سپیکر، 'جیو' والے سامنے ہیں، جب واقعہ ہو گیا، پہلے میرے گھر آئے ہیں، میں نے ان کو وہ کیا ہے، بشیر بلور صاحب گواہ ہیں، میں اور بشیر بلور صاحب ساتھ آئی جی پولیس بنوں جیل گئے ہیں، اس کے دوسرے دن اور ایسے حالات کے باوجود میں خود ابھی ہفتہ پہلے مالاکنڈ، ہزارہ ڈویژن کا دورہ کر چکا ہوں جس میں میرے دوست میرے ساتھ تھے، تین تین گھنٹے میں نے جیلوں میں اندر گزارے ہیں، اگر میری جگہ ملک صاحب ہوتے تو میرے خیال میں دروازے کے اندر بھی نہ جاتے جی، ان خیبر نیوز والوں کو پتہ ہے آج سے دو دن پہلے میں خیبر نیوز والوں کو نیغ پہ نیغہ پروگرام میں جیل لے کے گیا ہوں، قیدی بھی سامنے بیٹھے تھے، آئی جی بھی سامنے بیٹھا تھا اور جیل والے بھی سامنے بیٹھے تھے، Next منگل کو وہ آئے گا اور وہ دیکھ لیں، دو گھنٹے کا پروگرام میں نے جیل کے اندر کیا ہے۔ ملک صاحب، میں وہ بندہ تھا کہ درہ میں طالبان نے جب مجھ پہ حملہ کیا تو میں نے کہا کہ وہ زندگی مجھے نہیں چاہیئے، مجھے یہ زندگی

چاہیئے اور تین گولیاں بھی میرے اندر پڑی ہوئی ہیں، خداکیلئے ایسی بات دوبارہ مت کرو، میں نے اپنی غیرت کی خاطر، میرے بندے شہید ہوگئے ہیں اور مجھ پہ یہ ہے کہ میں کس-----

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ، میاں صاحب۔نگہت یاسمین اورکزئی، نگہت یاسمین اورکزئی بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو میں تمام منسٹر صاحبان کو جو بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو میں یہ بتاتی چلوں اور ان سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ اپوزیشن جب کٹ موشن لے کر آتی ہے تو اس پہ جھگڑا نہیں کرنا چاہیے، آپ کو بڑے احترام سے اور بڑے-----

جناب سپیکر: ٹھیک ٹھیک۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: طریقے سے، اپنی کٹ موشن واپس لینا چاہیں، چاہے اگر کوئی تلخی بھی کر دیتا ہے تو کوئی بات نہیں ہے، اس وقت آپ کا بجٹ ہے، آپ کی بزنس ہے، آپ نے مجھے شکیل آفریدی کے بارے میں جواب نہیں دیا، میرا خیال ہے کہ آپ نے بالکل میری کٹ موشن کو کوئی سیریس لیا ہی نہیں ہے کیونکہ شکیل آفریدی Is a very serious issue in this Province and in this city، میں نے کہا کہ وہاں پہ تین سو Terrorists رہتے ہیں، وہاں پہ Terrorists یہ کہہ رہے ہیں کہ اوبامہ یہاں پر ہے-----

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: لیکن آپ نے اس کو میرا خیال ہے یہاں سنا اور یہاں سے آپ نے نکال دیا۔ پلیز، آپ جواب دیں اس کا۔

جناب سپیکر: نہ، کولے شي جواب؟ جی میاں نثار گل صاحب۔

وزیر جیلخانہ جات: نگہت بی بی! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، شکر الحمد للہ جو ایوان نے مجھے عزت دی، میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ سارے ممبران نے کہا کہ منسٹر صاحب ایک شریف آدمی ہیں، وہ جو میں نے اس کے ساتھ بات کی، وہ پرسنل بات تھی، اس کیلئے میں معذرت خواہ ہوں۔ آپ اس طرف اس کو نہ لے جائیں، میں ساروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ کٹ موشنز پہ بالکل بولنا چاہیئے، شکیل آفریدی کے متعلق آپ نے کہا، بالکل یہ اخباروں میں بھی آتا رہتا ہے، ایک ایسا مسئلہ ہے کہ ہمارا کیس بھی نہیں تھا ہماری صوبائی حکومت کا، واقعہ کدھر ہوگیا لیکن جب ان کو سزا دی گئی تو میرے خیال میں نزدیک ترین

جیل پشاور جیل تھا۔ ہم نے مرکزی حکومت کو لکھا بھی کہ اس قیدی کو اگر آپ لوگ کسی اور جگہ منتقل کر دیں لیکن پنجاب حکومت نے Refuse کر دیا لیکن میں یہ دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ شکر الحمدللہ ہماری صوبائی حکومت اتنی کمزور نہیں ہے، سیکورٹی مضبوط ہاتھوں میں ہے، پشاور جیل میں وہ ابھی تک بھی ہے لیکن شکر الحمدللہ سیکورٹی کے متعلق ہم نے خود، میرے ساتھ ڈپٹی سپیکر بھی اور میں تھا، آج سے دو دن پہلے رات کو ہم پشاور جیل گئے تھے کہ ایسی کوئی بات تو نہ ہو دوبارہ، اللہ نہ کرے کہ ایسی دوبارہ بات ہو جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔Withdrawn, withdrawn۔ ټول Withdraw شو کنه۔ نصیر محمد خان۔

<u>جناب نصیر محمد میداد خیل:</u> جناب سپیکر، شکریہ۔ میں نے دو باتیں پوچھی تھیں، ایک اس صوبے کے جیلوں کی سیکورٹی کے متعلق حکومت کی طرف سے تمام ممبران کو بریفنگ دی ہے، جو بھی ان کے اقدامات ہیں۔ دوسرا میں نے یہ کہا تھا کہ بنوں کے واقعہ میں غیر متعلقہ شخص جو وہاں تعینات ہی نہیں تھے، انکو OSD بنانا یا انکو Suspend کرنا، یہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہے، اگر اس پر تھوڑی سی روشنی ڈال دیں تو ان شاء اللہ ہماری تسلی بھی ہو جائے گی اور ہم اپنی کٹ موشنز بھی Withdraw کر لیں گے یا انکو یہ کم از کم کہہ دیں کہ ہم اس کیس کو دیکھ کر دوبارہ Revive کر لیں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> میاں نثار گل صاحب! یہ تو ایک ایک پوائنٹ پر اگر ہم اس طرح۔۔۔۔

<u>وزیر جیلخانہ جات:</u> ہمارے دوست کا اشارہ ہے، بنوں کے جو جیل سپرنٹنڈنٹ تھے، اسکا ایک مہینہ پہلے ٹرانسفر ہوا تھا تیمر گرہ جیل، انکا اشارہ یہ ہے کہ جب وہ بنوں میں نہیں تھے تو انکو کیوں Suspend کر دیا گیا اور اس لسٹ میں ڈال دیا گیا؟ سر، وجہ یہ تھی کہ اگر آپ لوگ دیکھ لیں، اس سے پہلے دو آئی جی پیز تھے، جو آئی جی تھے جس نے عدنان رشید کو اجازت دی تھی اور اسکو پشاور لائے تھے، وہ اس وقت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے سیکرٹری تھے لیکن نہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اجازت دی تھی اور یہی بات کہ یہ بنوں جیل والے سپرنٹنڈنٹ نے حکومت کو Inform نہیں کیا تھا کہ عدنان رشید کون ہے، کیا ہے؟ اس کو سزا کی وجہ سے انکوائری کمیٹی نے اس کا نام ڈال دیا کہ اس کو چاہیئے یہ تھا کہ اس کی اپنی سیکورٹی بنواتے، ان کا وہ رکھتے، ایسی بات نہیں ہے، انکی اگر کمیٹی نے جو سفارشات کی تھیں، حکومت نے کمیٹی کی سفارشات کو مانا ہے اور دوسری بات جیل کی سیکورٹی کے متعلق، ان شاء اللہ تعالیٰ کل میں آپ دیکھ سکتے ہیں جیل سیکورٹی میں،

میرے خیال میں Already فوج لگی جیل میں آگئی ہے اور ساتھ ساتھ کوہاٹ جیل میں بھی فوج آگئی ہے، سیکورٹی مضبوط ہے ان شاءاللہ تعالیٰ، ایسی کوئی بات نہیں ہے اور اسکے علاوہ ہم اپنے جیلوں کیلئے میں نے کہہ دیا کہ تقریباً اس دو تین مہینے کے بعد 35 کروڑ روپے صوبائی حکومت نے، وزیر اعلیٰ صاحب نے ریلیز کروائے جس پر جیلوں کے سٹاف کیلئے اسلحہ اور صرف اسلحہ خریدا جائے گا تو اس پر سیکورٹی اور بھی مضبوط ہو جائے گی اور پولیس بھی ہمارے ساتھ ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، Withdrawn؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر صاحب! جب منسٹر صاحب نے ایشورنس دلادی تو میں Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: دا چې Withdraw شو کنه۔

Since all the honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 9, therefore, the question before the House is that Demand No. 9 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against may say' No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it, the Demand is granted. The honorable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 10.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 23 ارب 35 کروڑ 56 لاکھ 13 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2013ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران پولیس کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding rupees 23 billion, 35 crore, 56 lac and 13 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2013, in respect of Police.

'Cut Motions on Demand No. 10': Mr. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 10.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، زه ایک لاکھ روپئ د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Sanaullah Khan Miankhel Sahib. Not present, it lapses. Hafiz Akhtar Ali Sahib.

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب! زہ ایک هزار روپئ د کتهوتی تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Zarqa Bibi.

محترمہ زرقا: جناب سپیکر! میں دس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha Sahib.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں دس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Saeeda Batool Nasir Sahiba.

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: میں پانچ لاکھ کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Sikandar Hayat Khan Sherpao Sahib.

Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao: Thank you, Mr. Speaker Sir. I beg to move a cut of one hundred thousand rupees on Demand No. 10.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Sardar Shamoon Yar Khan.

سردار شمعون یار خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میں ایک لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Haji Qalandar Khan Lodhi Sahib.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! میں ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Muhammad Zameen Khan.

جناب محمد زمین خان: زہ خوئے واپس اخلم۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Muhammad Reshad Khan, not present, it lapses. Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب! میں دس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Mufti Kifayatullah Sahib.

مفتی کفایت اللہ: میں جاوید صاحب سے ایک روپے کم کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine thouand nine hundred ninety nine only. Mufti Said Janan Sahib.

مفتی سید جانان: زه جی دس لا کھ روپئ د کٹوتی تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

ملک قاسم خان خٹک: پانچ لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Munawar Khan Sahib.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں تین لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three lac only. Naseer Muhammad Khan.

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر صاحب! میں دو لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two lac only. Nighat Yasmeen Orakzai Sahiba.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں نوے ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ninety thousand only. Mr. Akram Khan Durrani Sahib, please.

قائد حزب اختلاف: محترم سپیکر صاحب! آپ کا بہت شکریہ۔ چونکہ پولیس کا ڈیپارٹمنٹ جو ہے، وہ نہایت اہمیت کا حامل ہے اور آج کل ہمارے صوبے کے جو حالات ہیں، اس میں تو اور بھی اسکو اہمیت حاصل ہے تو اس لحاظ سے میں کچھ تجاویز بھی دینا چاہتا تھا اور جہاں پر کوئی Weakness ہے، اس کے بارے میں بھی تھوڑی سی بات کرنا چاہتا تھا۔ پچھلے سال بھی یہاں پر جب سب محکموں کی تنخواہوں میں اضافہ ہوا تھا تو اس میں صرف پولیس کیلئے اضافہ نہیں ہوا تھا تو یہاں پر سارے اراکین اسمبلی نے اور اپوزیشن نے بھی اور گورنمنٹ کے ممبران اسمبلی نے بھی اس پر زور دیا کہ اس میں پولیس کو بھی شامل کیا

جائے کیونکہ وہاں پر اسکی جو ڈیوٹی ہے، وہ بڑی تکلیف دہ ہے اور موجودہ حالات میں اس کیلئے یہ تنخواہ ناکافی ہے۔ پھر اس پر حکومت نے بعد میں بجٹ کے بعد اسکی تنخواہوں میں بھی اضافہ کیا، وہ 50% جو اضافہ تھا، اس میں پولیس بھی شامل ہوئی اور ابھی بھی ہم چاہتے ہیں کہ جتنے بھی اچھے طریقے سے، اس کی پولیس لائن کو ٹھیک کر لیں، تھانے کے اندر انسپکٹر، ایس ایچ او اور ایس آئی کا کوئی رہائش کیلئے گھر، کوارٹر نہیں ہوتا ہے، وہ بیچارے پھر کسی دوسری جگہ جاتے ہیں اور 24 گھنٹے اسکی ڈیوٹی ہے، تو ہم چاہتے ہیں کہ پولیس لائن میں اور جتنے بھی تھانے ہیں، اور اس کو اس طرح اسلحہ بھی مہیا کیا جائے جو کہ آج دنیا میں جدید ٹیکنالوجی کا ہے کیونکہ اگر ہم اس کو وسائل نہیں دیں گے تو وہ یقیناً یہاں پر وہ کام نہیں کر سکیں گے جو اس صوبے کی ضرورت ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ آج کی جو پولیس ہے، وہ دو جنگیں لڑ رہی ہے، ایک جسمانی طور پر (پولیس والے) سامنے ہیں، شہادتیں بھی نوش کر رہے ہیں، زخمی بھی ہو رہے ہیں اور نقصانات بھی ان کو مل رہے ہیں اور دوسرے جو صوبے کے حالات ہیں، وہ ذہنی طور پر بھی ایک جنگ کی شکل میں ہیں، یقیناً اس کے ذہن پر بھی اس War کی ایک ایسی پوزیشن ہے جو کہ اسکو ذہنی تکلیف بھی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پولیس میں اچھے لوگ بھی ہیں اور برے لوگ بھی ہیں اور یہ صرف پولیس نہیں ہے بلکہ ہر جگہ ہر ایک محکمے میں اس طرح ہوتا ہے کہ اچھے اور برے لوگ اس میں ہوتے ہیں۔ حکومت کا کام یہ ہے کہ اچھے لوگوں کو وہ تھوڑا سا حوصلہ دے، اسکی عزت افزائی کرے اور گورنمنٹ کیلئے پولیس کے جو آفیسرز ہیں وہ نیک نامی کا باعث بنیں، اس کو پورا تحفظ بھی دے اور اسکو وقار اور اسکی عزت میں اضافہ بھی کرے۔ یقین جانیئے پولیس کی وردی جو ہے، یہ بڑی عزت کی وردی ہے اور جب تک اس وردی کی عزت ہوگی، اس وردی کی عزت ہوگی، لاء اینڈ آرڈر (کے حالات) کم ہونگے، لوگ اسکو احترام کی نظر سے دیکھیں گے تو وہاں پر اس کو گولی کا استعمال نہیں ہوگا، جہاں پر لوگوں کی نظروں میں پولیس کی عزت اور وقار زیادہ ہوگا، وہاں پر اس کی زبانی بات جو ہے، وہ لوگ مانیں گے اور اس کیلئے ڈنڈے کا استعمال نہیں ہوگا لیکن مجبوری یہ ہے اور موجودہ حکومت، میں نے وہاں پر یاسمین ضیاء صاحبہ کی بھی بات کی، اس میں میں نے یہی بات کی، آپ سپیکر صاحب! دیکھیں، اگر گورنمنٹ کا یہ حال ہو کہ اپوزیشن لیڈر بات کر رہا ہے اور گورنمنٹ کے ذمہ دار منسٹرز آپس میں گپ لگاتے ہیں تو میرے خیال میں اس ہاؤس کا جو حال ہے، خدا حافظ اسکا۔۔۔۔

(قہقہہ)

<u>جناب سپیکر:</u> ہمایون صاحب! آپ کی طرف۔

قائد حزب اختلاف: اور میرے خیال میں، میری نظر میں اصلاح اس ہاؤس میں اس گورنمنٹ کی نظر نہیں آتی، بڑے ادب کے ساتھ مجھے کچھ کہنا پڑا، اتنا کچھ سننے اور دیکھنے کے بعد بھی جب اصلاح نہ ہو تو میرے خیال میں مجھے نظر نہیں آتا کہ ہو جائے، تو اسی حوالے سے میں گورنمنٹ کو آج بھی یہ بات کہہ رہا ہوں کہ خدا کیلئے آپ کی پولیس میں فرشتہ صفت جیسے لوگ بھی ہیں، بڑے ایماندار آفیسر ز بھی ہیں لیکن جو میرا اپنا تجربہ ہے، ایماندار آفیسرز کو کھڈے لائن لگاتا ہے اور جو کام کا نہیں ہوتا ہے تو اسکو بڑی ایڈمنسٹریشن کی ذمہ داری دی جاری ہے اور جب اچھے آفیسرز کھڈے لائن ہوں اور ایماندار آفیسرز کی عزت لوگوں کے سامنے کچھ بھی نہ ہو اور پولیس کا وہ ذمہ دار آفیسر، وہ ایماندار آفیسر بھی یہ سمجھے کہ میری کوئی قیمت نہیں ہے، میری ایمانداری کی، میری بہادری کی کوئی قیمت نہیں ہے تو اس کے حوصلے بھی پست پڑتے ہیں اور وہ بھی سوچتا ہے کہ جو زیادہ کمانے والا ہے اور جو زیادہ بیچ جانے والا ہے اسکی اس معاشرے میں عزت ہے، اس کی پوسٹنگ بھی ہو جاتی ہے اور پھر وہاں پر وہی لوگ لگ بھی جاتے ہیں۔ مجھے گورنمنٹ سے یہی استدعا ہے کہ خدا کیلئے پولیس کے ایماندار افسروں کی کوئی کمی نہیں ہے اس صوبے میں، جہاں پر بھی کوئی کالا دھبہ ہے گورنمنٹ پر اور پولیس کی وردی پر، اسکو ادھر سے ہٹا دے اور وہاں پر ایک ایماندار آفیسر تعینات کرے اور جب ایماندار آفیسر آپ کے ڈویژن پر ہوگا، آپ کے ضلع پہ ہوگا، آپ کے جہاں پر بھی تھانے ہیں، اس کے ایس ایچ او ہونگے تو میرے خیال میں نہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہوگا اور نہ گورنمنٹ کو اس طرح شرمندگی اور پریشانی ہوگی اور نہ پھر ہمارے اتنے زیادہ لوگ تھانے جائیں گے اور وہاں پر منت سماجت کریں گے۔ اسی حوالے سے اگر ہم اسکی اچھائی بیان کرتے ہیں تو یہی چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جس سے پولیس کی بدنامی ہوتی ہے۔ میں نے اپنی حکومت میں جو ہماری حکومت تھی، ڈی آئی خان سے لیکر پشاور تک، پشاور سے لیکر چترال تک، کوہستان سے لیکر پشاور تک اس پولیس کو منع کیا تھا کہ روڈ پر خدا کیلئے گاڑی کھڑی نہ کرو، جو لوگ دیکھتے ہیں ادھر گاڑی کھڑی کرتے ہیں اور پھر وہاں پر Cleaner یا ڈرائیور سو روپے یا پچاس روپے یا دس روپے نکالتا ہے اور سو سواریاں اس کو دیکھتی ہیں اور وہ پھر اس کو پتلون کی جیب میں ڈالتا ہے، جو پولیس کی ایک گاڑی روڈ پر کھڑی ہوتی ہے، چیک پوسٹ پر جو معائنہ کرتے ہیں اور وہ جب فلائنگ کوچ والوں سے اور بس والوں سے ادھر دس روپے لیتے ہیں تو لوگ گالیاں دیتے ہیں کہ دیکھو ناہمارا پولیس والا اتنا بے کار ہے کہ وردی میں کھڑا ہے اور وہ اپنی پتلون کی جیب میں پیسے ڈالتا ہے۔ آج چونکہ حالات وہ نہیں ہیں، آج حالات مختلف ہیں، چیک پوسٹوں کی ضرورت ہے، چیکنگ کی

ضرورت ہے ورنہ پشاور سے ڈی آئی خان تک کوئی چیک پوسٹ نہیں تھی، کوہستان سے پشاور تک کوئی چیک پوسٹ نہیں تھی لیکن آج میں دیکھتا ہوں کہ ان چیک پوسٹوں کی ضرورت ہے۔ اگر گورنمنٹ دیکھنا چاہتی ہے، آج خیبر ٹی وی پر ایک بات بھی ہو گئی، اس نے وہ نشر کی ہے، میں گورنمنٹ کو صرف ایک ہفتے کی جو خیبر ٹی وی پہ ایک پورا پروگرام چلا کہ یہاں پر ایک گاڑی روانہ ہوتی ہے، خیبر ٹی وی پر میں نے خود دیکھا ہے اور جب پشاور تک پہنچتی ہے اور وہاں پر پھر آپ ٹی وی پر دیکھیں گے، اس سے سات ہزار روپے وصول کئے جاتے ہیں ڈرائیور سے، اور خیبر ٹی وی کا جو وہاں پر نمائندہ ہوتا ہے، وہ کنڈیکٹر بنا ہوتا ہے، اسکی وہاں پر کنڈیکٹر کی جو یونیفارم ہوتی ہے، واسکٹ ہوتی ہے، ٹوپی ہوتی ہے اور میرے خیال میں آپ کے گاؤں سے ہوتا ہوا، وہ نکلتا ہے خزانہ سے اور پھر آتا ہے حیات آباد کی چیک پوسٹ پر اور ساڑھے سات ہزار روپے وہ ٹی وی والا دیتا ہے، ریکارڈ پر ہے۔ یہاں پر لوگ اس کو بری نظر سے دیکھتے ہیں۔ میں نے کہا ہزار ایماندار لوگ ہیں، ہزار ایسی بیوائیں ہیں جنہوں نے اپنے شوہر کی ابھی وہ شکل، چہرہ بھی نہیں دیکھا، اسکا چہرہ دھماکے میں اڑ گیا، اس نے اپنے شوہر کی آنکھیں بھی نہیں دیکھی، قربانیاں دیں، شہادتیں دیں، بہت سے پولیس افسروں کے ہاتھ نہیں ہیں، کسی کا پاؤں نہیں ہے، کسی کے بچے یتیم ہیں، کسی کی بیوائیں ہیں اور کوئی بے آسرا ہیں، اس کے پاس کچھ بھی نہیں لیکن اگر اس نظر سے آپ اس کو دیکھیں اور پھر خیبر ٹی وی کا وہ سلسلہ بھی آپ دیکھیں تو وہ خدمات، وہ شہادتیں، وہ قربانیاں، وہ صرف پانچ ہزار روپے پوری شہادتوں کو لے ڈبوتے ہیں۔ مجھے گورنمنٹ سے بڑے ادب سے ایک استدعا ہے کہ خدارا ان چیک پوسٹوں کو ٹھیک کرو، اس سے آپ کے عوام بے حد تنگ ہیں، آپ کی چیک پوسٹ سارے عوام دیکھتے ہیں جو وہاں پر پولیس والے ان سے دس، بیس، پچاس اور سو روپے لیتے ہیں، اس سے پولیس کی بدنامی ہوتی ہے۔ اب یہاں پر سی سی پی او کی ایک ڈیوٹی تھی کہ اگر وہ دیکھتا ٹی وی کو، اور وہاں پر جتنے بھی لوگ تھے، ان کے فوٹو بھی ہیں جو سو روپے لیتا ہے اور جیب میں ڈالتا ہے لیکن خیبر ٹی وی کی نشریات کے بعد بھی کسی کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوئی اور آج صورتحال یہ ہے جو آپ لوگ دیکھ رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ پولیس کو 23 ارب نہیں، ضرورت ہے کہ ابھی ان کو 60 ارب دے دیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں، اسی ہاؤس سے دینے کیلئے تیار ہیں، 23 ارب تو ان کیلئے کم ہیں، ان کا جو اسلحہ ہے وہ بھی اس کے قابل نہیں ہے، اس کی عزت وقار میں ہم اضافہ دیکھنا چاہتے ہیں، اس کی شان کو ہم، یقین جانیئے جب ہم سکول میں تھے جو کوئی پولیس والا گاؤں جاتا تھا، اس کے پاس بندوق نہیں ہوتی تھی، اس کے پاس لاٹھی ہوتی تھی اور لوگ اس لاٹھی کی اتنی عزت کرتے تھے

کہ پورے گاؤں کو کہتے کہ آپ صبح آجاؤ اور پورا گاؤں ایک لاٹھی پہ ادھر حاضر ہوتا تھا، وہی تھانے پہ اعتماد تھا، وہاں پر جو کام تھا، اس پر اعتماد تھا، تو میں آج صرف گورنمنٹ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ان چیک پوسٹوں پہ جو عذاب ہے، آپ کے عوام، آپ کے جو ٹرانسپورٹ والے ہیں، جس طریقے سے پولیس ان کو تنگ کرتی ہے، خدارا پولیس کی وردی میں جو کالی بھیڑیں ہیں ان کو نکالیں، ہمارا پولیس کی عزت پر ایمان ہے۔ میری اپنی حکومت میں جب پولیس کی وردی پہ کوئی ہاتھ ڈالتا تھا، میں قسم کھاتا ہوں کہ وہ مجھے اس طرح لگتا تھا جس طرح اکرم خان درانی کے کپڑے اتارتا ہے، جب کوئی پولیس پر ہاتھ ڈالتا تھا یا پولیس کی بے عزتی کرتا تھا، اس پر میں اتنا ہی شرمندہ ہوتا تھا کیونکہ یہی لوگ ہیں جو اس گورنمنٹ کے ہاتھ اور پاؤں ہیں، گورنمنٹ کی نیک نامی اور بدنامی ان لوگوں کے ساتھ ہے لیکن خدارا حکومت ان چیزوں کو دیکھ لے، اتنی سوئی ہوئی حکومت میں نے نہیں دیکھی جو ایک ہفتہ خیبر ٹی وی والے اس کو بتاتے ہیں کہ یہ رشوت لیتے ہیں لیکن اس پر کوئی کارروائی مجھے نظر نہیں آتی، تو میں اپنی کٹ موشن واپس بھی لیتا ہوں اور ساتھ یہی ڈیمانڈ کرتا ہوں کہ 23 ارب کی بجائے موجودہ حالات میں اگر آپ ان کو 50 / 60 ارب بھی دیتے ہیں تو ہم دینے کیلئے تیار ہیں۔ مہربانی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ چونکہ لیڈر آف دی اپوزیشن نے پوری اصلاح کے متعلق پولیس کی کافی اچھی باتیں ہوئیں تو جتنے بھی آپ دوست ہیں، اس پر Repetition میں نہ جائیں، انہوں نے جو کچھ بھی کہا ہے، آپ اپنی بحث صرف کٹ موشن جو آپ نے دس روپے، 50 روپے یا جو بھی پیش کی ہے، اس تک آپ محدود رہیں، اصلاح کی باتیں کافی ہو چکیں۔ جی حافظ اختر علی صاحب۔

<u>حافظ اختر علی</u>: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ اول خو پولیس ډیپارټمنټ باندې کټ موشن شروع دے، پته نه لګی چې څوک پولیس آفیسر شته هم او که نشته۔ دويمه خبره دا ده چې پولیس محکمه که چرې مونږه د اسلامی تاریخ په پس منظر کښې ګورو نو خیلفه دوم حضرت عمر فاروقؓ دا محکمه Create کړې وه او دې د پاره چې یره د عوامو مال و جان او د عزت و آبرو د هغې تحفظ وی۔ زمونږه اپوزیشن لیډر صاحب ډیر مفصل په هغې باندې بیان وکړو، نن چې کوم صورتحال دے، هغه زمونږه وړاندې دے۔ زمونږه مردان کښې او تقریباً نورو اضلاع کښې هم د اپوائنټمنټ سلسله شروع ده، په پریس باندې دا خبرې ټولې راغلې دی چې یره د کانسټیبل ریټ چې دے ډهائی لاکھ دے او تین لاکھ دے، په

دې حالاتو کښې حقيقت دا دے چې کوم په دوئ کښې ايماندار، ديانتدار آفيسرز دی، د هغوی حوصله افزائی پکار ده خو چې کوم په هغې کښې Corrupt خلق دی يا په هغې کښې بد ديانته خلق دی نو بيا د هغوی حوصله شکنی او د جزا او د سزا يو قانون هم پکار دے، هله به عوامو ته د مال و جان او د آبرو عزت، د هغې تحفظ ملاويږی او زمونږه د کټ موشن مقصد هم دا وی چې د محکمې اصلاح د وشی او په ديکښې زياته نا اهلی هغه د ګورنمنټ ده، څه رنګه چې مخکښې بيان وشو چې يره داسې ديانتدار آفيسرز د هغوی څه حوصله افزائی نه کيږی بلکه بد ديانته خلق هغوی ته هغه فوکس دی، لهذا زه خپل کټ موشن واپس اخلم خو د اصلاح احوال د پاره ملتمس يم۔

جناب سپیکر: شکریہ جی،Withdrawn۔زرقابی بی،زرقابی بی۔

محترمہ زرقا: شکریہ جناب سپیکر۔۔۔۔۔

میاں افتخار حسین(وزیر اطلاعات): جناب سپيکر، يو وضاحت کوم جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس دے جی چې دا کار ختم شی، ستاسو د ګورنمنټ کار دے، د مونځ ټائم قضا کيږی، نو زه به ئے ايډجرن کړم بيا تاسو شپږ ګهنټې لګيا ووسئ۔ مياں صاحب، بس۔ جی زرقا بی بی۔

محترمہ زرقا: جناب سپیکر، میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: زرقابی بی،صرف کٹ موشن پہ،فالتو بات نہیں۔

محترمہ زرقا: ٹھیک ہے جی، میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں اس شرط کے ساتھ کہ یہ اس محکمے سے رشوت کو ختم کروادیں اور ایماندار لوگوں کو آگے لائیں۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی، تھینک یو۔سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، میں بالکل مختصر بات کرونگا، یہ پولیس آرڈر 2002 میں جو یہ انوسٹی گیشن اور پراسیکیوشن کو الگ کیا گیا،اس کے بعد چونکہ یہ ساری اسمبلی جو قانون پاس کرتی ہے، حکومت جو قانون لاتی ہے، وہ لوگوں کی بہتری کیلئے اور ان کی مشکلات کے حل کیلئے لاتی ہے تو یہ جو دو دکانیں کھولی گئی ہیں، لوگ اس میں سخت پریشان ہیں، مہربانی کرکے ان کو ختم کیا جائے، صرف جو پہلا پرانا نظام تھا، میرے خیال کے مطابق وہ عوام کی سہولت کیلئے بہتر ہے۔جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ

کسی تھانے کا ایس ایچ او اگر ایمانداری اور دیانتداری سے کام کرے تو اس تھانے کی حدود کے اندر کوئی جرم قطعاً نہیں ہو سکتا، کوئی چڑیا اس کی اجازت کے بغیر پر نہیں مار سکتی۔ میں ایک تجویز اپنے حلقے کے حوالے سے دینا چاہتا ہوں، میرے حلقے میں ایک چوکی ہے، رجوعیہ اور ایک چوکی ہے بودلہ، تو وہاں پہ میں گزارش کرونگا حکومت سے کہ نئے تھانوں کا قیام عمل میں لایا جائے اور دوسری بات یہ ہے کہ دو گاڑیاں پرانی ہیں، جب خراب ہو جاتی ہیں تو پولیس والے پھر لوگوں کو تنگ کرتے ہیں تو Kindly ان دونوں تھانوں کیلئے نئی گاڑیاں اگر اس میں رکھی جائیں تو میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، Withdrawn۔ بتول ناصر صاحبہ۔

<u>محترمہ سعیدہ بتول ناصر:</u> تھینک یو، سپیکر صاحب۔ جیسے کہ ہمارے لیڈر نے فرمایا کہ 23 ارب کم ہیں، پولیس کیلئے زیادہ پیسے ہونے چاہئیں تو میں یہ کہنا چاہونگی کہ 23 ارب اگر صحیح طور پر بروئے کار لائیں تو بالکل کم ہیں لیکن جیسا کہ حال ہے، گزشتہ سالوں سے اور ابھی جو ہم دیکھ رہے ہیں تو وہ یہ 23 ارب 35 کروڑ زیادہ ہیں، اس طریقے سے استعمال نہیں ہوتے، آپ ہمارے پولیس سٹیشنز کو دیکھیں، وہاں کی حالت، ایسے لگتا ہے کہ 65 سال پہلے کا ہے، وہاں پہ کوئی Equipment، کوئی ٹیکنالوجی، کوئی چیزیں، وہاں بہت خستہ حالت ہے اور جو پولیس سٹیشنز ہیں تو وہاں زیادہ شہریوں کا، زیادہ شریف لوگوں کا واسطہ پڑتا ہے، مجرموں کا تو پڑتا ہے، ملزموں کا پڑتا ہے، مجرم تو باہر ہی اپنا مک مکا کر دیتے ہیں، ہماری حالت، ہمارے تھانوں میں جو شریف لوگ ہوتے ہیں اور جو مالی طور پر کمزور ہوتے ہیں، اخلاقی طور پر نہیں جو مالی طور پر کمزور ہوتے ہیں، وہ تو ذلیل ہوتے ہیں لیکن جو مجرم ہوتے ہیں جو رولز Break کرتے ہیں اور جو مالی طور پر توانا ہوتے ہیں، ان کی عزت کی جاتی ہے۔ پولیس ہماری پاکستان کی ہے، ہم پولیس کے Against نہیں ہیں لیکن یہ جو ہمارا سسٹم ہے کرپشن کا، بہت زیادہ رشوت، کرپشن ہے، پولیس پر پیسے خرچ کرنے چاہیئے، ٹریننگ ہونی چاہیئے، فزیکل ٹریننگ تو ہوتی ہے مگر ان کو Morals اور Ethic کے بارے میں کچھ نہیں بتایا جاتا، یہی وجہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں برائیاں جنم لیتی ہیں اور شریف لوگ مجرم بنائے جاتے ہیں، پولیس خود ان کو راستہ بتاتی ہے، اگر ان کی یہاں پر کریں، چار سالوں میں تو نہیں کیا، ابھی آنے والے وقتوں کیلئے کوئی ایسی اصلاحات، کوئی ایسا میکینزم کچھ اس طرح کا تیار کریں کہ ان کی Moral training ہونی چاہیے، اخلاقی ٹریننگ ہونی چاہیے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: پولیس کو مضبوط کرنا چاہیئے مگر اخلاقی طور پر بھی۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: سکندر حیات خان! آپ Withdrawn؟ بی بی! آپ Withdrawn؟

محترمہ سعیدہ بتول ناصر: جی میں Withdraw کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ سکندر حیات خان۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ ما ته پته ده، ما ته احساس دے چې درانی صاحب پرې تفصیلي خبره وکړه خو زه دوه درې، صرف ورکوټی پوائنټس څه دغه کوم، اصلاح د پاره دغه کوم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وکړئ جی د مونږ ټائم دے چې مونږ له ورشو۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر، یو خو دلته کښې خبره وشوه، د پولیس دا بجټ په دې درې څلور کالو کښې مونږه زیات کړے دے، دا به دوه درې بلین لګ بهګ وو او اوس دا دے 23 بلین ته ورسیدو۔ یو طرف ته خو مونږه دا اضافه کوؤ او دغه کوؤ خو بل خوا ته دا کتل پکار دی چې آیا دغه اضافي سره څومره د دوئ کارکردګئ کښې بهتری راغلې ده؟ دوه حوالو سره زه په دیکښې خبره کوم، د بجټ زیاتیدو سره دا د ډی پی او لیول پورې خو ټهیک ده، هغې پورې خو بجټ دغه شو خو چې هغه Actual کوم د تهانې لیول ته پکار دی چې سپورټ ملاؤ شوے وے یا د هغې هغه Budgeting system شوے وو نو هغه اوس هم نه دے دغه شوے۔ جناب سپیکر، تاسو سره به هم دا واقعات شوی وی او مونږه ټولو سره هم چې اکثر ستاسو د تهانې موبائل چې راشی، درته به وائی، اوس هم چې راشی نو وائی به چې یره جی پټرول نشته او دا پټرول راته دغه کړئ یا به درته وائی چې یره جی زمونږه د تهانې دیوال چې دے، هغه ضرورت دے او دیکښې تاسو راسره امداد وکړئ نو یو طرف ته خو مونږه دا بجټ زیاتوؤ او 23 بلین او دغه ته ئے رسوؤ، بل خوا ته هغه چې کوم Actual ځائے کښې چې عوامو سره د هغوی هغه رابطه ده، چې کوم د هغوی پبلک هغه Facet دے اصلی، هلته کښې هغه شے نه رسی نو دې د پاره سسټم پکار دے چې دا د ډی پی او نه لاندې د پولیس سټیشن لیول پورې چې دا دغه ونشی نو د پولیس هغه Effectiveness، دا به هغې پورې صحیح دغه کیږی۔ دویم کوم چې بتول صاحبې کومه خبره وکړه،

دا واقعی دغه دے ، دا نن هم دا کومه واقعه مخکښې ذکر وشو چې څو پورې د دوئ هغه Attitude کښې فرق نه وی راغلے ، څو پورې چې دوئ هلته کښې هر یو کس برابر ئے نه وی ګنلے او یو شهری له یو پوره عزت نه ورکوی نو د دې پولیس محکمې چې دے ، د دوئ هغه رویه ډیره-----

جناب سپیکر: یعنی صاف ظاہر ہے، موٹروے پولیس کو آپ دیکھ سکتے ہیں۔

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: بالکل بالکل-----

جناب سپیکر: ظاہری بات ہے کہ ٹریننگ کی بات ہے، ٹریننگ صحیح ہو جائے۔

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: ٹریننگ کی بات ہے جی۔ بل ورسره-----

جناب سپیکر: سب سے بڑی بات ٹریننگ کی ہے۔

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: بالکل۔

جناب سپیکر: ٹریننگ اچھی ہو جائے، سب ٹھیک ہو جائے گا۔

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: ورسره کوم چې د Patronage خبره کیږی، درانی صاحب هم هغه خبره وکړه ، زه صرف ستاسو دې طرف ته دغه کوم چې د دې خپل Budget estimates د کتاب Page-228 باندې کوم چیلنجز ئے چې لیکلی دی، اخری چیلنج ئے لیکلے دے To curb high level of patronage in police، اوس چې دوئ پخپله هم دا ایډمټ کوی چې او Patronage دغه شته نو دې د پاره به اقدامات څوک وچتوی؟ خو حکومت به وچتوی۔ مونږه اوسه پورې دا ونه لیدل چې دغه Curb کولو د پاره دوئ څه کړی دی؟ د دې د مونږه ته وضاحت وکړی ځکه چې پخپله دوئ ایډمټ کوی دلته کښې چې او There is patronage in police۔ دا به څنګه دغه کوی؟ څو پورې چې میرټ باندې تاسو افسران نه وی لګولی، څو پورې چې تاسو د دې نه مداخلت، سیاسی مداخلت هم ویستے نه وی نو دا سستم ټهیک کیږی نه او که دا سستم نه ټهیک کیږی، هم دغه شان واقعات به کیږی او د خلقو دا بے عزتئ هم روزانه چې دی، دا به هم دغه شان جاری وی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ شمعون یار خان۔

سردار شمعون یار خان: شکریہ جناب سپیکر۔ مجھ سے پہلے معزز اراکین نے بہت تفصیل سے باتیں کی ہیں، میں تین چار چیزوں کی نشاندہی کرنا چاہونگا کہ جو پولیس کا محکمہ ہے، وہ اہمیت کا حامل ہے اور گزشتہ چار پانچ سالوں سے انہوں نے بہت قربانیاں دی ہیں، اس صوبے کے حالات کو بہتر رکھنے میں، تو جو پیسہ ان کیلئے رکھا گیا ہے، اس سے کوئی خاطر خواہ، ہم چیزیں دیکھتے ہیں کہ جس طرح ماڈرن ٹیکنالوجی میں Advancement آرہی ہے، ہم وہاں پر اس کی بہتری کی طرف نہیں جارہے ہیں۔ چونکہ اگر کوئی Equipment آتا بھی ہے تو وہ صرف افسران کے دفتروں تک ہی جاتا ہے اور وہ اس کو استعمال کرتے ہیں۔ یہ ایسی چیزیں ہیں جس میں Moden scanners ہوتے ہیں، اس میں جو Bullet proof waists آتی ہیں، نہیں آرہی ہیں۔ اس میں بہت ساری ٹیکنالوجی بھی آگئی ہے اور Advanced equipments جو انفارمیشن کو Gather کرنے کیلئے اور انفارمیشن کو Pass on کرنے کیلئے اور Interpretation کیلئے، تو اس کو پولیس کے سپاہی جو ہیں یا پولیس میں جو نئے لوگ بھرتی ہو رہے ہیں، یہ ان کو دیئے جائیں اور مزید جو ان کی تربیت ہوتی ہے، اس کو مزید بہتر کیا جائے تاکہ ہم ان چیزوں کا مقابلہ کر سکیں اور جس مقصد کیلئے اس ادارے کو بنایا گیا ہے، اس کا بھرپور فائدہ ہم اٹھا سکیں۔ یہاں پر ہم دیکھتے ہیں کہ مختلف تھانوں میں بھی، چوکیوں میں یا جو چیک پوسٹیں لگی ہوئی ہیں، پورے صوبے میں مختلف جگہوں پر، وہاں پر اگر کوئی سپاہی کھڑا ہے تو کسی کا پیٹ بڑا ہے، کسی کی ٹوپی ٹیڑھی ہے، کوئی ایک ٹانگ پر کھڑا ہے، کوئی چپلیاں پہن کے پھرتا ہے، تو اگر اپنی اس چیز کو ٹھیک کرنا ہے، ان کو اگر پیسے بھی دیتے ہیں، اس سے تو نہ مانگیں، Properly ان کو Educate کرنا چاہیئے اور میری یہ اس میں تجویز ہے کہ جو پولیس کے سپاہی کی ریکروٹمنٹ ہے، اس کیلئے کم از کم جو تعلیم ہے، وہ ایف اے تو ہونا چاہیئے تاکہ اگر وہ کسی معاملے میں، کسی سے بات بھی کرتا ہے یا اس سے کوئی بات پوچھی جائے، اس کو کسی کو سمجھانا ہو تو وہ بہتر طریقے سے اس کو سمجھا سکے اپنی بات، وہ اپنی بات کسی کو سنا بھی سکے اور اس کو سمجھا بھی سکے۔ یہ جو واقعہ ادھر ہوا اور اس سے پہلے بھی کئی واقعات ہوئے ہیں، اس کے بارے میں نشاندہی بھی ہوئی ہے، یہاں اسمبلی میں اور اس پر کبھی بیان نہیں دیا گیا اور آج ہم نے دیکھا کہ ایک نیا واقعہ سامنے پیش آیا اور اس میں کتنا شور شرابہ ہوا۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

سردار شمعون یار خان: یہ اسی وجہ سے ہے کہ Lack of education اور Lack of interest کی وجہ سے ہے۔ باقی میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے لوگوں میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے، اگر ان کو صحیح طرح بتایا جائے، ان کو سمجھایا جائے تو تب ہم جا کے ان چیزوں کو، ان مقاصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

سردار شمعون یار خان: شکریہ جی۔

جناب سپیکر: حاجی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر۔ بڑا افسوس ہے کہ ہم اس کٹ موشن پر بات کر رہے ہیں اور ہم کسی پر جو تنقید کرتے ہیں، وہ بھی یہ نیت نہیں ہے کہ ہم اپنی کچھ بڑائی دکھانا چاہتے ہیں، ہم تو تصحیح کرنا چاہتے ہیں، جو کمزوریاں ہیں اس کی اور آج مجھے پولیس کا کوئی ذمہ دار نظر نہیں آ رہا ہے، اگر انہیں بھی ہر بات پر اتنی انا، اتنا Personal لے لیا تو اس کا مطلب ہے، یہ بڑے دکھ کی بات ہے۔ جناب سپیکر، یہ فزیکل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ انہیں Moral training دینا، اخلاقی ٹریننگ دینا اور Common sense کا استعمال کرنا، انکو اس کی ٹریننگ دینا بہت ضروری ہے۔ مجھے نہیں سمجھ آتی کہ یہ کیا اس ملک کی، کیا اس صوبے کی خدمت کر رہے ہیں کہ ایک سوزوکی والے کو بھرے بازار میں روکتے ہیں، وہاں ٹریفک نہیں گزر سکتی، پیدل آدمی نہیں گزر سکتے، وہاں اسے روکتے ہیں اور اس کی کیا چیکنگ کر رہے ہیں کہ اس کی ایک سواری زیادہ ہے یا اس میں سے کیا دیکھ رہے ہیں وہ؟ وہ لوکل سوزوکی ہے اور اس کے پیچھے لائنوں کی لائنیں لگ جاتی ہیں، اگر اسے کسی کی چیکنگ بھی کرنی ہے، اپنی انکی چیک پوسٹیں ہیں وہاں کریں، بازار میں یہ گاڑیوں کو کھڑا کر دیتے ہیں، یہی نہیں ہے، دس 'ویلر' ہمارے جو ٹریلر جا رہے ہوتے ہیں، اسے ایسی چڑھائی میں روکتے ہیں، اگر وہاں اس کی بریک فیل ہو جائے تو اس کی اپنی کتنی تباہی ہے اور پیچھے وہ کتنے لوگوں کو تباہ کرے گا؟ مجھے اس کی سمجھ نہیں آئی کہ کبھی اس نے پبلک کو ریلیف دی کہ ایسی جگہ پر ہم اس کو روکیں جہاں پہ نہ ٹریفک کا مسئلہ پیدا ہو، نہ اس میں کوئی۔ اس کے بعد دوسری بات جناب سپیکر، آج اگر یاسمین ضیاء میری محترمہ بہن، اس ہاؤس کی ممبر ہے، اس کا واقعہ نہ ہوتا تو 14 اگست کو جو میرے ساتھ واقعہ پیش آیا ہے موٹروے پر اور میں چار گھنٹے نوشہرہ میں کھڑا وہاں کی پولیس کا جو میں نے رویہ دیکھا، میرا آج خیال تھا کہ میں اپنی صوبائی پولیس کے بارے میں بہت اچھے الفاظ استعمال کرونگا لیکن چونکہ میری بہن کے ساتھ ان کی اتنی بدتمیزی تھی، مجھے اب یہ مناسب نہیں لگتا، میں کرتا ہوں لیکن میں آج یہ چاہ رہا

تھا، میرا یہ خیال تھا لیکن ہر وقت کی اپنی نوعیت ہوتی ہے۔ آج دوسری بات یہ ہے کہ مجھے ان کی اس بات پر بڑا افسوس ہے کہ 12-04-2010 کو واقعہ ہوا ہزارہ میں، سات آدمی شہید ہوگئے، ابھی تک اس کی ایف آئی آر درج نہیں ہے، میں کیسے خراج تحسین پیش کروں اپنی اس پولیس کو کہ جس پر بھی میرے ان لوگوں کی وہ ذمہ داری ہے، ہمیں یہ تو پتہ چلے کہ اس گندگی میں شریک کون تھا؟ ہمیں بدنام کیا گیا اور ابھی تک گورنمنٹ نے ان کو سامنے نہیں لایا اور میری پولیس نے کسی کو نہیں بتایا، ابھی تک دو ڈھائی سال میں انکوائری نہیں ہوئی، کسی پر ایف آئی آر نہیں ہو سکی ان مظلوموں کی جو شہید ہوئے۔ جناب سپیکر، وہ ہمارے پولیس والے ہیں، ہم نے ان کی تنخواہیں بڑھائیں، اتنی زیادہ تنخواہ بڑھا لی تاکہ یہ ادھر ادھر نہ دیکھیں لیکن پھر بھی ان کی وہ عادتیں اگر نہیں ختم ہوئیں تو کتنی قابل افسوس بات ہے؟ وہ عام آدمی شہید ہوتے ہیں تو ہم ایک لاکھ، دو لاکھ یا تین لاکھ روپے گورنمنٹ دیتی ہے، انکی اگر کوئی شہادت ہو جاتی ہے تو 20،30 لاکھ روپے دیئے جاتے ہیں، پھر بھی جان کی کوئی قیمت نہیں ہے، ہم یہ ایڈمٹ کرتے ہیں کہ انکی بڑی سخت ڈیوٹی ہے، وہ بڑی اچھی ڈیوٹیاں، اور اس سے زیادہ اچھی کرنی چاہیئے۔ تیسری میری Suggestion ہے کہ جوان کا ڈیوٹی ٹائم ہے، وہ ٹھیک ہے اس ڈیوٹی ٹائم میں انہیں الگ رہنا چاہیئے، آپ ایک مفرور کا دیکھیں، اس کا گارڈ دیکھیں، جب وہ مفرور کسی جگہ پر آتا ہے تو اس کے جو گارڈز ہیں، ایسے دوڑتے ہیں، ایک ادھر دیکھتا ہے، ایک ادھر دیکھتا ہے، ایسا ہوتا ہے آدمی سمجھتا ہے جیسے کہ ان پر سارا جہاں حملہ کر رہا ہے، ہماری پولیس اتنی ڈھیلی، اتنی کاہلی سے انکی کلاشنکوف لٹک رہی ہوتی ہے، ان کا مسئلہ کہ ادھر جو ڈیوٹی کا ٹائم ہے اس میں Alert رہے، وہ یہ سمجھے کہ ہم نے ابھی جنگ کرنی ہے، ابھی لڑائی کرنی ہے، تو اس کاہلی کی وجہ سے ہمیں بہت زیادہ افسوس ہوتا ہے اور ہمارا بہت زیادہ نقصان ہو جاتا ہے۔ یہ اپنی کلاشنکوف نکالتے نکالتے، Bolt مارتے مارتے لوگ اپنا کام کر جاتے ہیں۔ یہ ڈیوٹی انکی جتنی بھی ہے، کم سے کم کی جائے لیکن یہ ایسے کھڑے ہوں جیسے ابھی ہم نے کسی پر فائر کرنا ہے یا ابھی ہم پر کسی نے فائر کرنا ہے، اس طرح سے یہ دہشتگردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں اور رات کو بڑے افسوس کی بات ہے، دن کو یہ اپنے تھانوں کو تالے لگاتے ہیں، رات کو تالے لگتے ہیں انکے تھانے میں، یہ عوام کی کیا خدمت کریں گے؟ اس پر بھی ان کو Educate کیا جائے کہ آپ کا ایک دن مقرر ہے، آپ کو تھانے میں بھی، اس جمود کو توڑنا ہے، کم از کم مردوں کی طرح رہو اور آپ پر جو ڈیوٹی قوم کی ہے، اس کو نبھائیں۔ میں اپنی کٹ موشن اسی کے ساتھ واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: Withdrawn۔ نماز کیلئے اور ایک ایک کپ چائے پینے کیلئے وقفہ کیا جاتا ہے، بیس منٹ کا۔ تھینک یو۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ یہ پولیس پر آپ دو چار بھائی رہتے ہیں، جاوید عباسی صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: تہ خو ترسکون سرہ ئې خو لږ کوشش کوئ، راغونډوئ ئې ؟

مفتی کفایت اللہ: بہت ساری تجاویز، بہت ساری تجاویز، اغواء برائے تاوان کے بارے میں میں بات کرنا چاہ رہا تھا، مصالحتی جرگہ، تھانے کی لیڈیز میں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پھر میری بھی بات مانو گے، آرام سے بیٹھو گے۔

مفتی کفایت اللہ: یہ 23 ارب 35 کروڑ اور 56 لاکھ 13 ہزار کی گرانٹ انہوں نے مانگی ہے اور اس کے اندر ہم نے 9 ہزار 999 روپے کٹوتی کی تحریک پیش کی ہے۔ ہمارے صوبے کا سب سے بڑا مسئلہ اغواء برائے تاوان اور اغواء برائے تاوان کے بارے میں میں نے شروع میں تجویز دی تھی کہ اس کیلئے الگ ایک سپیشل فورس بنا دی جائے جو اس کے ماہر ہوں لیکن اس پر توجہ نہیں دی گئی۔ متعلقہ وزیر صاحب جواب دیں گے، وہ بھی بیٹھے ہوئے نہیں ہیں۔ میں لیڈیز کانسٹیبل کے بارے میں تجویز دینا چاہتا ہوں کہ لیڈیز کانسٹیبل کا تحفظ یقینی ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب کو بلائیں، لاء منسٹر کو، آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: بشیر خان کہہ رہے ہیں کہ میں لکھ رہا ہوں۔ اغواء برائے تاوان ہمارا ایک درد سر ہے جی۔ اگر اس کیلئے ایسا کر دیا جائے کہ تربیت یافتہ فورس تشکیل دی جائے اور جس کا صوبے میں اور کوئی کام نہ ہو وہ اغواء برائے تاوان کو Deal کرتا رہے۔ اصل میں جب ایک اغواء کا کیس سامنے آ جاتا ہے اور اس میں انکی مہارت ہو جاتی ہے تو پھر دوسرے کیس کے اندر وہ بڑے تیز ہو جاتے ہیں لیکن اگر آپ نئے پولیس والوں کو یہ دیں گے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ان پر کام زیادہ ہوتا ہے۔ اب ایک چوری کا کیس آ گیا ہے تو ساری پولیس کی توجہ چوری کی طرف ہوتی ہے، پھر پتہ چلا کہ وہاں پر جھگڑا ہو گیا اور ایک آدمی

زخمی ہو گیا،اب وہ چوری والا کیس پس انداز ہو گیااور جاکر وہ چوری والے دوسرے کیس میں لگ گئے،اب پتہ چلاکہ وہاں قتل ہو گیاتو ساری چیزیں رہ جاتی ہیں۔اسی طرح اغواء برائے تاوان وہ معمول کی کارروائی کے مطابق لیتے ہیں،اس کو خصوصی لیا جائے اور یہ ہماری تاجر برادری کیلئے بہت پریشانی کی بات ہے، میں ایک تجویز یہ دینا چاہتا ہوں۔ دوسری تجویز میری یہ ہے کہ تھانے میں جو خوف ہے،اس خوف کو ختم کرنے کیلئے میں ایک تجویز دے رہا ہوں کہ وہاں مصالحتی جرگے تشکیل دیئے جائیں۔ لوگوں کا آنا جانا ہوگا، معززین ہونگے تو وہ جو خوف ہوگا،اس کا غلط استعمال نہیں ہوگا اور اس طرح اس کی اصلاح ہو جائے گی۔ ہمارے ہاں لیڈیز کانسٹیبل بہت زیادہ ضروری ہیں لیکن لیڈی کانسٹیبل کو اسی وقت بلایا جائے کہ جب بہت زیادہ ضروری کام ہو اور شام سے پہلے پہلے ان کو واپس کر دیا جائے، خصوصاًوی آئی پی ڈیوٹی کے موقع پر، ہمارے ہاں یہ ضروری ہے کہ کچھ خواتین لیڈیز میں بھرتی ہوں لیکن ہمارے کچھ معاشرتی مسائل بھی ہیں،اس کی وجہ سے ان کو بہت تکلیف ہوتی ہے اور کچھ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ دباؤ کی بنیاد پر اور ناجائز ایف آئی آرز نہ ہوں، یعنی اگر ایف آئی آر ہے،اس کا حق بنتا ہے کہ ایف آئی آر ہو تو پھر بھی کوئی آدمی فون کرے تو آپ اس میں وہ ڈٹے رہیں اور اگر وہ ناجائز اور دباؤ کی بنیاد پر یہ ایف آئی آرز ہونگی تو یہ ٹھیک نہیں ہونگی۔ جناب سپیکر، ایک بات میں یہ Add کرنا چاہتا ہوں، کچھ بغیر وردی کے ملازمین ہوتے ہیں محکمہ پولیس میں، جب تنخواہیں بڑھتی ہیں تو اوروں کی بڑھ جاتی ہیں، وردی والوں کی اور ان بیچاروں کی بڑھتی نہیں ہیں، تو برائے مہربانی ان کی بھی کچھ تنخواہیں بڑھادی جائیں اور میں ایک گلہ کرتا ہوں، یہاں سے جب ہم ہزارہ جاتے ہیں تو ہمیں پنجاب کا سلام کرنا پڑتا ہے، تو یہ حسن ابدال سے تھوڑا آگے پھاٹک ہے اور وہاں پر پولیس والے اتنی بدتمیزی کرتے ہیں، اتنی بدتمیزی کہ اس کا اندازہ ہمیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اپنی پولیس کی قدر آجاتی ہے۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جی ہاں۔جب وہاں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اپنے صوبے کی پولیس کی قدر آجاتی ہے۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> ہاں جی۔ایسا بھی ہوا ہے کہ پوری گاڑی کو روکا اور سب کی جامہ تلاشی لی اور ایسا بھی ہوا ہے کہ ہماری گاڑی پر ایم پی اے لکھا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ پولیس بھی بیٹھی ہوتی ہے، وہ پھر بھی ہمیں کھڑا کر کے آنکھیں دکھانا ضروری سمجھتے ہیں اور پھر جب ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ بھئی آپ دیکھیں تو پھر وہ دیکھتے بھی نہیں ہیں اور اگر پولیس نہ بیٹھی ہو اور ایم پی اے لکھا ہو تو اس کی تو کوئی احتیاط نہیں کرتا۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا۔

مفتی کفایت اللہ: یا تو ہمیں اندر سے کوئی راستہ دے دیں، اندر اندر سے، میں نے پچھلی دفعہ تجویز دی تھی، بشیر خان کو اندازہ ہے، اس کو میں نے کہا کہ یہ صوابی سے گندف، گدون کا علاقہ ہے اور گدون کے علاقہ میں جب میرہ مداخیل کو کاٹ کر جب دربند پہنچیں گے تو وہاں مانسہرہ Short link کرے گا، یا تو ہمیں صوبے کے اندر سے کوئی ایک Link دے دیں، سڑک دے دیں یا پنجاب کی پولیس والوں سے بات کریں کہ وہ ہماری بے عزتی نہ کریں۔ مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بہت شکریہ جناب سپیکر، بہت مہربانی۔ میں ایک سیکنڈ شاید لیٹ ہوا، پھر بھی آپ کی بڑی مہربانی کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں، اکرم درانی صاحب اور دوستوں نے باقی باتیں کی ہوئی ہیں، سکندر شیر پاؤ صاحب، ان کی باتوں کو Repeat نہیں کروں گا، وقت آپ کو ہمیشہ کی طرح ان شاء اللہ بچانے کی پوری کوشش کرینگے، اس ہاؤس کا بھی۔ دو باتیں ہیں، پچھلی بجٹ سپیچ میں جب پیسوں کی کٹوتی کی تحریک تھی تو میں نے یہاں کھڑے ہو کر کہا تھا کہ ایک بہت بڑی کرپشن ہوئی ہے، ایک ارب روپے کے لگ بھگ پولیس کے محکمے میں کرپشن ہوئی ہے، وہ پیسہ اسلحہ کی مد میں اور دوسرا یہ کہ اس پیسہ میں کون کون لوگ Involve تھے؟ اسی ہاؤس میں کہا گیا کہ ہم آپ کو رپورٹ پیش کرینگے اور آپ نے حکم بھی کیا تھا کہ اس کی انکوائری ہونی چاہیئے، اس وقت کے سیکرٹری جو سیکرٹری ایجوکیشن شاید تھے، Sorry سیکرٹری تھے، نہیں سیکرٹری۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں یاد آ جائے پھر بتادیں خیر ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جو بھی سیکرٹری تھے، ان کو لگایا گیا تھا۔ جناب، اگر آپ کو رپورٹ مل گئی ہے، آپ نے دیکھ لی ہے تو مہربانی کر کے ہمیں بھی بتایا جائے کہ وہ اتنی بڑی اگر کرپشن ہوئی تھی تو کیا اس کے اوپر انکوائری ہوئی ہے اور جو لوگ اگر اس میں شامل تھے، انکے خلاف کیا کیا ایکشن ہوا ہے؟ نمبر ایک۔ نمبر دو جناب سپیکر، اس میں شک نہیں ہے کہ بہت لازوال قربانیاں دی ہیں، ہماری پولیس کے آفیسرز نے بھی اور جوانوں نے بھی، لیکن کیا بات ہے کہ ہم نے ان تین سالوں میں سب سے زیادہ جو بجٹ دیا ہے اس محکمے کیلئے دیا ہے لیکن بدقسمتی ہے کہ آج بھی ہم اپنی حفاظت کیلئے اور لاء اینڈ آرڈر کیلئے فوج کے محتاج ہیں؟ آج بھی سوات کے اندر اگر آپ دیکھیں تو آج تک ہماری Capacity اتنی ہمیں بڑھا لینا چاہیئے تھی اور ہماری

Capacity building ہونا چاہیئے تھی اور ہمارے اداروں میں مضبوطی آ جانا چاہیئے تھی، تین سال میں یہ فورس کھڑی ہو جانا چاہیئے تھی کہ یہ اپنے جو ہمارے شہر ہیں، انکی خود حفاظت کر سکے۔ آج بھی Simple لاء اینڈ آرڈر کے مسئلے کیلئے یقیناً وہ Extraordinary situation ہے سوات کے اندر، لیکن جب سے آئی ڈی پیز واپس چلے گئے تھے تو اب ہماری اس پولیس کو اتنا Strengthen ہونا چاہیئے کہ اللہ نہ کرے کل اگر ایک دم کوئی ایسی صورتحال پیدا ہو جائے کہ فوج کو واپس جانا پڑے تو کیا ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ ہم اپنے شہریوں کی حفاظت کر سکیں؟ جناب سپیکر، اخبارات میں اشتہار آیا تھا اور کہا گیا تھا کہ جو ریٹائرڈ ملازمین ہیں، وہ فوجی ہوں یا پولیس والے، ہم ان کو دوبارہ نوکری دینگے، انہوں نے نوکریاں دی ہیں اور کہا گیا تھا کہ ان کو وہی پریویلجز دیئے جائیں گے جس پوزیشن سے یہ ریٹائرڈ ہوئے تھے، وہی ان کی نوکری ہو گی لیکن وہ بعد میں پتہ چلا کہ ابھی صرف ان کو آٹھ ہزار روپیہ دیا جارہا ہے جو ان کیلئے کافی نہیں ہے۔ یہ چونکہ پراونشل گورنمنٹ نے 'ایڈ' دیا تھا اخبارات کے اندر اور پورے صوبے میں ایڈورٹائز ہوا تھا، کیا جو Terms and conditions اس ایڈ میں شامل تھیں، ہمیں یقین ہے کہ وہ باتیں یہاں ضرور پوری ہونی چاہئیں۔ ہم اپنی فوج کے ساتھ ہیں اور آج مجھے ایک اور بات کا بھی گلہ ہے کہ یہاں اتنا بڑا پیسہ، اگر ہم منظوری دے رہے ہیں تو یہاں پولیس کے سینیئر افسران صاحبان کو آنا چاہیئے تھا، یہاں وہ آتے اور محکمہ بیٹھتا، وہ آکر سنتے کہ جی ہم جو باتیں کر رہے ہیں ان کو پتہ چلتا کہ ہم کیا کیا باتیں کر رہے ہیں تاکہ ہمیں پتہ چلتا، چونکہ یہ کہہ رہے ہیں، کفایت اللہ صاحب نے کہیں دیکھ لیا ہے تو انہوں نے میری طرف ادھر اشارہ کیا ہے لیکن میری مراد تھی کہ ساری سینیئر پولیس یہاں آج بیٹھتی، ان کیلئے اتنا اربوں روپوں کے بجٹ کی منظوری ہو رہی تھی اور اگر وہ دیکھتے اور ہم جو باتیں کر رہے ہیں ان کو پتہ چلتا اور اگر حکومت یہ کہے کہ جی ہماری ذمہ داری ہے، ہم ان کی بات وہاں تک پہنچا دینگے تو پتہ نہیں جناب، حکومت کی بات تو، ہم نے آج صبح دیکھ لیا کہ ان کی بات کتنی سنی جاتی ہے؟ لہذا وہ خود ہوتے تو اپنے آپ کو آج دیکھتے، تو جو ہمارا Genuine concern ہے تاکہ اس کو ایڈریس کرتے تو میں چاہوں گا کہ مجھے اس انکوائری کے متعلق پوری طرح بتایا جائے کہ کون کون لوگ Involve تھے، اس کی کیا رپورٹ آئی تھی اور ایک ارب سے زیادہ جو کرپشن ہوئی تھی، ان میں کن لوگوں کو سزا ہوئی ہے جناب سپیکر؟

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، د دې یوې خبرې جواب ورکوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: ودریږه د ټولو به ورکوې جواب، بیا درې څلور دی۔

وزیر اطلاعات: دا یوه خبره لږ بل شان ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: هں جی؟

وزیر اطلاعات: دا یوه خبره لږه بل شان ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) نہیں سب کا جواب دینا پڑے گا، ایک مفتی جانان کا اور کفایت اللہ کا بھی۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر، ایک بات ذرا ایسی ہے کہ اس کی وضاحت ضروری ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر اطلاعات: وہ اس حوالے سے ہے کہ یہ اسلحہ جو آیا، یہ اس زمرے میں کہ اسلحہ کی بات ہوتی تھی اور اس کے حوالے سے خرد برد کی بات ہوتی تھی، یہاں پر ایک کمیٹی کو سپرد کیا گیا، چار اجلاس اسکے ہوئے، جاوید صاحب کو بھی بلایا گیا، شاید ان کی کوئی مصروفیات تھیں، چاروں کے چاروں اجلاسوں میں یہ نہیں آیا تو اس نے رپورٹ بھی تیار کر لی، اس نے (ان کو) بے گناہ بھی قرار دیا، لہذا جب ایک بات ہو جائے تو پھر، یا تو اس میں آنا تھا کہ اس کے ساتھ کوئی ثبوت تھے وہ پیش کر دیتے، اگر ایسا نہیں ہے تو اب جب رپورٹ تیار ہو چکی ہے، اس کا چیئرمین بھی یہاں پر بیٹھا ہوا ہے اور رپورٹ اسمبلی ہی کے پاس ہے تو پھر اس مسئلے کو نہ چھیڑا جائے کیونکہ پولیس ہماری اپنی پولیس ہے، جو واقعہ ہوا وہ الگ تھلگ ہے، موجودہ صورتحال میں یہ بات درست کہہ رہے ہیں کہ ان کو وہاں پر ہونا چاہیئے، وہ بات ہوئی تو شاید اس بات کے بعد وہ یہاں پر رہے نہیں۔

جناب سپیکر: وہ رپورٹ کی کاپی جاوید صاحب کو، ان کے حوالے کی جائے۔ مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، زه دا خبره بار بار نه کول غواړم خو زه به جی تاسو ته د خپلې ضلعې متعلق وښایم، څوارلس ځایونه دا ما لیکلی دی او دغه موبائل کښې ما سره تصویرونه دی، دغه څوارلس چیک پوسټو باندې به ته راتیریږې، سلو نه کمې روپئ نه اخلی۔ دوه

سوه، پینځه سوه، شلور سوه چې څومره اخلی، اخلی۔ دا به مو درته گزارش وی، ټوله دنیا اخلی خو په طریقه باندې ئے اخلی او چې بیا ورته وائې چې ته رشوت مه اخله، مونږ نه ئے بره غواړی کنه، دا د هغوی الفاظ دی۔ نو دا به مو حکومت ته گزارش وی (تالیاں) چې دا زمونږ او ستاسو د ټولو د جامو ویستل دی، خدائے د پاره او د رسول د پاره مطلب دا دے دا شے بند کړئ۔ جامې را نه جی ووتلې، یقین وکړئ کپړو کښې ولاړ یو بربنډ یو۔ وائی چې مونږ نه ئے بره غواړی، اوس بره ئے څوک غواړی؟ تا ته به وائی، ما ته به وائی، چا چا ته به وائی جی؟ خدائے د پاره دا هم اخبار کښې، دا هم څوارلس نومونه دی او دغه اخبار کښې، دغه موبائل کښې راسره تصویرونه دی چې یو یو درته وښایم چې دا وگورئ جی۔ بس زه دې سره خپل کټ موشن واپس اخلم جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی، واپس Withdrawn۔ ملک قاسم خان۔

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: شکریه جناب سپیکر۔ زه د خپل ټولو ملگرو دا څه تقریرونه ئے چې وکړل، قائد حزب اختلاف سمیت، زه ئے Endorse کوم----

<u>میاں نثار گل کاکا خیل(وزیر جیلخانہ جات)</u>: جناب سپیکر، ما ته یو منټ راکړئ جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا ولې ستاسو څنگه چل دے چې هغه پاڅی، ته هم ورسره پاڅې، هس جی؟

<u>ملک قاسم خان خٹک</u>: زه ئے Endorse کوم او ورسره ورسره دا وایم چې کرک جی-----

<u>جناب سپیکر</u>: د دوئ څه تربورولی ده مفتی صاحب؟

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: دا د یو بل بنې دی، بنې دی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: هس جی؟

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: دا بنې دی، د یو بل بنې دی۔

<u>جناب سپیکر</u>: (قہقہہ) میاں صاحب! دې شاه حسین صاحب څه بله خبره وکړه، وائی دا بنې دی، بنې څه ته وائی؟ (قہقہے) هس پښتو کښې، پښتو کښې بنې څه ته وائی؟ هس جی، مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: دا زما نمبر دے جی۔

وزیر جیلخانہ جات: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ودریږه مفتی، نثار گل صاحب څه خبره کوی۔

ملک قاسم خان خٹک: که دا سې خبره وی نو بیا به زه چې کوم دے-----

جناب سپیکر: نثار گل، هن میاں نثار گل (قہقہے) میاں نثار گل صاحب! ته څه وئیل غواړې؟ میاں نثار گل صاحب، ودریږه که ترسکونه خبره وی څه نوخلق تنګ شوی دی کنه۔

وزیر جیلخانہ جات: سپیکر صاحب، ہم جب ادھر آتے ہیں تو آئین کی پاسداری پہ یہاں ہم ایک حلف بھی لیتے ہیں کہ ہم آئین کی پاسداری کرینگے، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کو پتہ ہوگا کہ ہمارے رحمان ملک صاحب جو Interior Minister تھے، اس کی رکنیت اس لئے ختم ہوگئی کہ اس کی دوہری شہریت تھی امریکن اور پاکستانی۔ آپ کو سر، پتہ ہونا چاہیئے کہ فرح اصفحانی جس کی دوہری شہریت تھی، اس وجہ سے اسکی رکنیت ختم ہوگئی تھی، میں یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ ملک قاسم صاحب کٹ موشن پر بات نہ کریں کیونکہ اس کے ساتھ امریکن شہریت ہے، دوہری شہریت پہ اسمبلی ممبر آیا ہوا ہے-----

(تالیاں)

وزیر جیلخانہ جات: اور چیف جسٹس ان کی انکوائری کریں اور اس پہ Suo moto لیں کیونکہ یہ اسمبلی کا ممبر نہیں ہے اور یہ دوہری شہریت پہ اسمبلی کا ممبر بنا بیٹھا ہے اور یہ کٹ موشن پر بات نہیں کر سکتا، میں نے آئینی بات کرلی اور اگر کوئی ایسی بات ہو تو میں اسکے سامنے کروں گا۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جی ملک قاسم خان۔

